© rasailojaraid.com



منور حسین چیمہ

# علم معاشیات کے ارتقاء میں مسلمانوں کا کردار

جدید دور میں انسان کی دنیوی زندگی میں معاشیات کو جو اہمیت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ تاریخ کے ہر دور میں یہ علم ارتقاء پذیر رہا ہے۔ مختلف مصنفین اپنی کتب میں مختلف موضوعات مثلاً زراعت، تجارت، صنعت وحرفت اشیاء کے مبادلے، زر کے استعمال اور دیگر معاشی امور سے متعلق بحثیں کرتے رہے ہیں۔ اور اب یہ مباحث ایک مرتب اور منضبط علم کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔

دور حاضر میں اس علم کی تعلیم وتدریس کا انتظام تقریباً ہر ملک کے تعلیمی اداروں میں ہے۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے یورپ میں معاشی تجزیہ (Economic Analysis) کی تاریخ پر کئی کتب تحریر کی گئیں۔ آج ہمارے کتب خانوں میں معاشی نظریات کی تاریخ پر (History of Economic Thought اور History of Economic Analysis) کے نام سے درجنوں کتب ملتی ہیں۔ ان میں مورخین نے جدید دور سے پہلے کے زمانہ کو چار ادوار میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ قدیم مشرقی دور (The ancient oriental age)

۲۔ یونانی دور (The greek age)

۳۔ رومن دور (The Roman age)

۴۔ قرون مظلمہ کا عیسائی دور (The christian medieval age)

یہ کس قدر حیرت آفریں بات ہے کہ تمام مورخین معاشی فکر کی تاریخ مرتب کرتے وقت یونانی فلاسفہ افلاطون (Plato) (م ۳۴۷ ق۔م) اور ارسطو (Aristotle) (م ۳۲۲ ق۔م) سے آغاز کرتے ہوئے دور حاضر تک کے ماہرین معاشیات کا تذکرہ کرتے ہیں۔ لیکن مسلم مفکرین کو یکسر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔(۱)

۶۲۵ء تا ۱۵۵۰ء کے زمانہ کو انہوں نے تاریک دور Dark Age قرار دیا ہے۔ جوزف اے شیمپیٹر (Joseph A. Shumpeter) نے اپنی کتاب History of Economic Analysis میں یونانی، رومی معاشیات پر بحث کرنے کے بعد دوسرے باب میں The Great Gap کے عنوان کے تحت یہ لکھا ہے:

> So far as our subject is concerned we may safely leap over 500 years to the epoch of st. Thomas aquinas (1235-74), whose summa theologic a is in the history of thought what the south western spire of the cathedral of chartres is in the history of architecture(2)

---

(۱) اگرچہ بعض مصنفین نے ابن خلدون (۸۰۸ھ) کے معاشی فکر کا اعتراف کیا ہے۔ مثال کے طور پر سپنگلر (Spengler) نے اپنے ایک تحقیقی مقالہ میں ابن خلدون کے معاشی تصورات پر بحث کی ہے۔ مقالہ کا عنوان یہ ہے:

**Economic thought of Islam Ibn Khaldun, Comparative studies in Society and history.**

یہ مقالہ ۱۹۶۴ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اس مقالہ میں مستشرقین کے رویہ کی جھلک نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ کیونکہ اس نے اس بات پر زور دیا ہے کہ مسلم علماء کے افکار پر یونانی فلاسفہ کے اثرات ملتے ہیں۔ تاہم یہ ایک قابل قدر کوشش ہے۔ اس مقالہ کی اشاعت سے یہ حقیقت تو واضح ہو گئی ہے کہ مؤرخین نے معاشی نظریات کی تاریخ بیان کرتے ہوئے مسلم علماء کے کام کو نظر انداز ضرور کیا ہے۔ سپنگلر (Spengler) نے ابن خلدون کے کام کا جائزہ لینے سے پہلے جن دیگر مسلم علماء کے معاشی افکار پر مختصر بحث کی ہے۔ ان میں یہ نام نمایاں ہیں۔ ابو نصر محمد الفارابی (م ۳۳۹ھ/ ۹۵۰ء) ابو علی الحسین بن عبداللہ، ابن سینا (م ۴۲۸ھ/ ۱۰۳۷ء) ابو حامد محمد بن الغزالی (م ۵۰۵ھ/ ۱۱۱۱ء) ابو بکر محمد ابن یحییٰ، ابن باجہ (م ۵۳۳ھ/ ۱۱۳۸ء) ابو الفضل جعفر بن علی الدمشقی (م چھٹی صدی ہجری/ بارہویں صدی عیسوی) ابو الولید محمد بن احمد ابن رشد (م ۵۹۵ھ/ ۱۱۹۸ء) محمد بن حسن طوسی (م ۶۷۳ھ/ ۱۲۷۴ء)، محمد بن محمد ابن الاخوۃ (م ۷۲۹ھ/ ۱۳۲۹ء)۔

سپنگلر (Spengier) نے مسلم علماء کے جن نظریات پر بحث کی ہے وہ درج ذیل موضوعات سے متعلق ہیں۔ محاصل (Taxation) سود (Interest) اجرتیں (Wages) قیمتیں (Prices) تقسیم کار (Division of Labour) دولت بطور مبادلہ کا ذریعہ (Money as medium of exchange) سکے (Coinage) قیمت کا اتار چڑھاؤ (Price fluctuations) وغیرہ

Mirakhor, Abbas Dr. The Muslim Scholars and the History of Economics. A need for consideration. The American Journal of Islamic social sciences. Vol. 21987/249,250.

(۲) Schumpeter, joseph. A. History of Economic Analysis. Newyork, Oxford University Press. fifth printing 1963/74

☆ الاجر والضمان لایجتمعان ☆ اجرت اور ضمانت ایک ہی شی میں جمع نہیں ہو سکتیں ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



> جہاں تک ہمارے موضوع کا تعلق ہے، ہم باسانی سینٹ ٹامس کوئی ناس (۱۲۲۵ء-۷۴) ۵۰۰ سال کے زمانے تک بیک جست پہنچ سکتے ہیں۔ جس کی جامع لاہوتی تحریر تاریخ فکر میں وہی مقام رکھتی ہے جو چارتری کے کلیسا کے جنوب مغربی منار کا فن تعمیر کی تاریخ میں ہے۔

شیمپیٹر (Schumpeter) کے اس بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پانچ سو سال تک تحریری یا عملی شکل میں معاشیات پر کوئی کام نہیں ہوا۔ اور پھر اسی کی پیروی کرتے ہوئے دیگر مؤرخین نے بھی مسلم علماء کو قابل التفات نہیں سمجھا۔

راقم الحروف کے نزدیک معاشی تجزیہ کی تاریخ میں مسلم ماہرین معاشیات کو نظر انداز کرنے کے تین بڑے اسباب ہیں۔

(الف) پہلا اور بنیادی سبب تو وہ تعصب اور عناد ہے جو یورپ کو اسلام سے ہر دور میں رہا ہے۔

(ب) دوسرا سبب یہ ہے کہ مغرب میں مختلف علوم کا ارتقاء ایک مخصوص ماحول میں ہوا ہے۔ اس کے نتیجہ میں مغربی علماء مسلمانوں کے معاشی افکار و نظریات سے آگاہی حاصل نہ کر سکے۔(۳)

(ج) خود مسلمان مصنفین نے بھی اپنے اسلاف کے معاشی فکر اور مسلم علماء و مفکرین کے یہاں معاشی تجزیے کی تاریخ مرتب کرنے کی کوشش نہیں کی۔(۴)

حقیقت یہ ہے کہ مغربی مؤرخین معاشیات نے معاشی فکر کی تاریخ کی جو تقسیم کی ہے وہ نامکمل ہے۔ کیونکہ اس طرح مسلمانوں یا عربوں کا تقریباً ایک ہزار سال کا طویل دور حذف کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے جس تاریک دور (Dark Age) کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یورپ کی تاریخ پر تو منطبق ہو سکتا ہے۔(۵) لیکن اسے مسلمانوں کی تاریخ پر کسی طرح بھی چسپاں نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ یہ تو

---

(۳) معروف مورخین معاشیات نے معاشی فکر کی تاریخ بیان کرتے ہوئے ابو یوسف اور ابن خلدون ایسے ماہرین معاشیات کو بھی کوئی جگہ نہیں دی۔ شیمپیٹر (Schumpeter) نے اگرچہ اپنی کتاب میں ابن خلدون کا ذکر کیا ہے لیکن وہ صرف ایک عالم عمرانیات اور مورخ کی حیثیت سے ہے۔ دیکھئے Schumpeter, History of Economic Analysis / 788 ابن خلدون کے معاشی فکر و تجزیے سے یہ مستند مؤرخ معاشیات بھی آگاہ نہیں ہے۔

(۴) اس وقت ہمارے سامنے ایک عرب مصنف ابراہیم کبہ کی کتاب ''دراسات فی تاریخ الاقتصاد والفکر الاقتصادی'' ہے۔ یہ کتاب بغداد، مطبعۃ الارشاد سے ۱۹۷۰ء میں شائع ہوئی۔ یہ پانچ سو ساٹھ صفحات کی کتاب ہے۔ اور اس میں مسلم علماء کا کہیں بھی ذکر نہیں کیا گیا۔

(۵) تفصیل کے لیے دیکھئے: العوضی، رفعت السید الدکتور، رویة فی منهج الاقتصاد الوضعی کلیة الشریعة والدراسات الاسلامیة، جامعۃ قطر، العدد الثانی ۱۹۸۴ء م



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمانوں کی تاریخ کا وہ دور ہے جو تعلیمی، معاشرتی، تہذیبی اور معاشی لحاظ سے دنیا کی سب قوموں سے اعلیٰ تھا۔ اس وقت مسلمانوں کی عظیم سلطنت تھی جو یورپ اور افریقہ کے مغربی ساحلوں اور ایشیاء کے جنوب مشرقی ساحلوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ مسلمان قوم زندگی کے ہر میدان میں ترقی کی اعلیٰ منازل طے کررہی تھی۔ ایک عام قاری بھی اس بات کو تسلیم نہیں کرسکتا کہ مغربی تہذیب سے پہلے جس عظیم قوم نے کئی سو سال دنیا کے ایک بڑے حصے پر حکومت کی ہو اور جس کے علمی کاموں سے آج یورپ بھی استفادہ کررہا ہے۔ اس نے معاشی فکر و تجزیے کے باب میں کوئی قابل ذکر کام نہ کیا ہوگا۔(۶) اے گلیوم (A- Guillaume) کہتا ہے:

> At the height of abbasid power their subjects enjoyed a period of unexampled economic prosperity. Trade by land and sea was developed by an amazing degree, agriculture and irrigation were developed and arts and sciences were cultivated as never before(7)

> عباسیہ کے زمانہ عروج میں ان کی رعایا عدیم المثال قسم کی خوش حالی سے بہرہ ور ہوئی۔ خشکی اور سمندر کے راستوں سے تجارت نے حیران کن حد تک ترقی کی۔ زراعت، آب پاشی، فنون لطیفہ اور سائنس کی مختلف شاخوں نے اس قدر ترقی کی کہ اس سے قبل ان علوم میں ایسی ترقی نہ ہوئی تھی۔

معاشی تجزیہ سے ہماری مراد یہ ہے کہ ان قوتوں اور ان انسانی اعمال و رجحانات کا پتہ چلایا جائے جس کے تعامل کے نتیجے میں سطح زندگی پر نمایاں معاشی مظاہر وجود میں آتے ہیں یا ان اثرات و نتائج کی نشاندہی کی جائے جو کسی معاشی عمل یا اقدام سے متعلقہ افراد یا اداروں پر مرتب ہوتے ہیں۔ تجزیہ کا اطلاق اسباب وعوامل کی دریافت پر بھی ہوتا ہے اور اثرات و نتائج کی تحقیق پر

---

(۶) ممتاز مسلم ماہر معاشیات ڈاکٹر رفیق احمد (سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی لاہور، نے ایک فکر انگیز مقالہ انگریزی زبان میں تحریر کیا ہے۔ ہم نے یہاں اس مقالہ سے استفادہ کیا ہے۔ دیکھئے Ahmad, Rafiq. The Origin of Economics and the Muslims. A Preliminary Survey (Journal, The punjab university Economist. Lahore, university of the punjab) p.19, 20

(۷) Ibid/33



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی۔ معاشی تجزیہ پیچیدہ اور مرکب معاشی امور کے پیچھے کام کرنے والی سادہ اور مفرد قوتوں کو دریافت کرتا ہے یا معاشی اعمال کے پیچیدہ اثرات کے مختلف اجزاء کو ایک دوسرے سے الگ کرکے دکھلاتا ہے۔ قیمتوں کے تعین کو طلب و رسد کے تعامل کا نتیجہ قرار دینا۔ پھر طلب کی تعیین کرنے والے عوامل۔ افراد کے ذوق اور ان کی ترجیحات، ان کی آمدنی وغیرہ کی نشاندہی کرنا معاشی تجزیے کی ایک مثال ہے۔ اس طرح کسی محصول کا تجزیہ یہ متعین کرے گا کہ اس کے اثرات محصول ادا کرنے والوں پر کیا پڑتے ہیں۔ اور اس سے وصول کرنے والوں کو کیا حاصل ہوتا ہے۔ ان اثرات اور اس حاصل کا محصول کی نوعیت، اس کی شرح یا طریق تحصیل سے کیا تعلق ہے اور ان میں کوئی ترمیم ان اثرات و نتائج کو کس طرح متاثر کرسکتی ہے۔

معاشی فکر کا دائرہ زیادہ وسیع ہے۔ اس سے مراد وہ تمام افکار وخیالات ہیں جو معاشی امور سے متعلق ہوں۔ معاشی مسائل کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات، اور معاشی بہبود کے لیے پیش کی جانے والی تجاویز اس کے دائرے میں شامل ہیں۔ اور وہ تمام امور و مباحث جن کا مطالعہ موجودہ علماء معاشیات معاشی پالیسی (Economic policy) کے عنوان کے تحت کرتے ہیں۔ کسی معاشی مظہر کے پسندیدہ یا ناپسندیدہ ہونے یا کسی معاشی نتیجے کے مطلوب یا غیر مطلوب ہونے کی بابت ظاہر کیے جانے والے خیالات بھی معاشی فکر کے ترجمان ہوتے ہیں...معاشی افکار کے مطالعہ سے ان کے پیچھے کام کرنے والے تجزیاتی بصیرت کا باسانی پتہ لگایا جاسکتا ہے۔(۸)

ایک ماہر معاشیات جب کسی ٹیکس کے بارے میں یہ رائے دیتا ہے کہ یہ کیوں ضروری ہے؟ اس کے فوائد کیا ہیں اور اس کے اثرات ٹیکس دہندگان پر کیا پڑتے ہیں؟ کون سے ٹیکس عوام پر محض بوجھ ہیں اور ان کے کیا نقصانات ہیں؟ تو اس سے اس کی تجزیاتی بصیرت نکھر کر سامنے آتی ہے۔ ماہر معاشیات کا فریضہ ہے کہ ملک جن معاشی مسائل سے دوچار ہو ان کی نشاندہی کرے اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی پیش کرے۔

معاشی فلاح و بہبود کیوں ضروری ہے؟ وہ کون سی بنیادیں ہیں جن پر معاشی ترقی استوار ہوتی ہے اور اس کے حصول کے کیا طریقے ہیں؟ ان سب امور کے بارے میں حکومت کو مکمل رہنمائی دینا بھی ماہر معاشیات ہی کی ذمہ داری ہے۔

---

(۸) نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر، امام ابو یوسف کا معاشی فکر، ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ اگست ۱۹۶۴ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس حوالے سے جب ہم اسلامی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ یورپی مورخین نے جس دور کو معاشی فکر و تجزیہ کی تاریخ میں ایک خلا قرار دیا ہے اس میں مسلم علماء، فقہاء اور مفسرین نے مختلف معاشی موضوعات پر فلاسفۂ یونان، افلاطون (م ۳۴۷ ق۔م) اور ارسطوم (م ۳۲۲ ق۔م) سے بڑھ کر بحثیں کی ہیں۔ امام ابوحنیفہ النعمان بن ثابتؒ (م ۱۵۰ھ / ۷۶۷ء) امام مالک بن انسؒ (م ۱۷۹ھ / ۷۹۵ء) امام محمد بن ادریس، الشافعیؒ (م ۲۰۴ھ / ۸۲۰ء) امام احمد بن حنبلؒ (م ۲۴۱ھ / ۸۵۵ء) ایسے مسلم فقہاء کی آراء سے ان کے معاشی فکر (Economic Thinking) اور تجزیاتی رسائی (Analytical approach) کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی ابتدائی دو صدیوں میں جبکہ یونانی فلاسفہ کی کتابیں ابھی عربی زبان میں منتقل نہیں ہوئی تھیں، اسلامی دنیا میں درج ذیل معاشی موضوعات ترقی پا چکے تھے۔

| | |
|---|---|
| حکومت کی ٹیکسیشن پالیسی | (Taxation policy of government) |
| پیداوار بڑھانے اور ارتکاز دولت کی حوصلہ شکنی کے لیے ٹیکسوں کا استعمال | Use of Taxation as a tool to encourage production and dis courage accumulation of wealth. |
| ٹیکسوں کی شرحیں | (Rates of Taxes) |
| سرکاری مصارف | (Government expenditure) |
| نظام زر کے متعلق پالیسی اور ادارے | (Monetary Policy and Institutions) |
| ہنڈی اور اس کی دستاویزات | (Credit and credit instrument) |
| قیمت کا تعین اور قیمت کی پالیسی | (Price determination and pricepolicy |
| گورنمنٹ بجٹ | (Government budgets) |
| گورنمنٹ بجٹ کے توازن کے طریقے | (Methods of balancing government budget) |
| تجارت اور کامرس | (Trade and commerce) |
| تجارتی مال کا مبادلہ | (Commodity exchange) |
| پیداواری استعداد | (Productive capacity) |

☆ جلب مصلحت کی نسبت مفاسد کو دور کرنا زیادہ بہتر ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| (Cultivation of virgin land) | احیاء موات |
| (Partnership to cultivate land) | مزارعت |
| (Partnership to cultivate trees) | مساقات |
| (Agrarian reforms) | زرعی اصلاحات |
| (Partnership) | شرکت |
| (Different Kinds of land) | اراضی کی مختلف اقسام |
| (agricultural ownership) | زرعی ملکیت |
| (Public Treasury) | بیت المال |
| (Market regulations) | منڈی کے قواعد |
| (Hoarding) | ذخیرہ اندوزی |
| (Profit) | منافع |
| (Interest) | سود |
| (Usury) | سودخواری |
| (Transfer of debt) | حوالہ |
| (Maintenance) | نفقہ |
| (Heritage) | میراث |
| (Rent) | اجارہ |
| (Supply and Demand) | رسد اور طلب |
| (Economic needs) | معاشی حاجات |
| (Economic consequences of Oppression) | ظلم واستبداد کے معاشی نتائج |
| (Economic consequences of Justice) | عدل کے معاشی نتائج |
| (Checking and saving accounts) | حسابات کی جانچ پڑتال اور بچت |

وہ کتب جن میں مسلم علماء نے معاشی امور سے بحث کی ہے۔ ان کو ہم درج ذیل اقسام

☆ یکرہ الایثار بالقرب ☆ عبادت میں ایثار مکروہ ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں تقسیم کرسکتے ہیں:

(۱) مختلف مفسرین کی کتب مثلاً ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م ۳۱۰ھ/ ۹۲۳ء) کی تفسیر جامع البیان فی تفسیر القرآن۔ فخر الدین الرازی (م ۶۰۶ھ/ ۱۲۱۰ء) کی تفسیر "التفسیر الکبیر"

(۲) فقہی تالیفات، مثلاً ابوبکر احمد بن علی الجصاص (م ۳۷۰ھ/ ۹۸۱ء) کی "احکام القرآن" ابو محمد علی بن احمد ابن حزم (م ۴۵۶ھ/ ۱۰۶۴ء) کی کتاب "المحلی"

(۳) مسلم فلاسفہ کی کتابیں مثلاً ابو نصر محمد الفارابی (م ۳۳۹ھ/ ۹۵۰ء) کی کتاب "السیاسۃ المدنیۃ"

(۴) تاریخ کے موضوع پر تصانیف مثلاً عبدالرحمٰن بن محمد ابن خلدون (م ۸۰۸ھ/ ۱۴۰۶ء) کی کتاب "مقدمہ"

(۵) اخلاقیات کے موضوع پر کتب مثلاً ابو حامد محمد بن محمد الغزالی (م ۵۰۵ھ/ ۱۱۱۱ء) کی کتاب "احیاء علوم الدین" اور کیمیائے سعادت اسی طرح محمد بن حسن طوسی (م ۶۷۳ھ/ ۱۲۷۴ء) کی کتاب "اخلاق ناصری"

(۶) وہ کتب جو جغرافیہ کے موضوع پر تحریر کی گئیں۔ مثلاً احمد بن عمر، ابن رستہ (م ۲۹۰ھ/ ۹۰۳ء) کی کتاب الاعلاق النفیسۃ" ابو القاسم محمد بن علی ابن حوقل (م بعد ۳۶۷ھ/ ۹۷۷ء) کی تصنیف کتاب صورۃ الارض "ابو عبداللہ محمد بن ابی طالب، شیخ الربوہ (م ۷۲۷ھ/ ۱۳۲۷ء) کی کتاب نخبۃ الدھر فی عجائب البر والبحر"

(۷) مسلم علماء کی وہ کتب جو تاریخ کے مختلف ادوار میں سرکاری محکموں میں کام کرنے والے منشیوں کے لیے دستور العمل کا کام دیتی رہیں۔ مثلاً ابوبکر احمد بن یحیٰ (م ۳۳۵ھ/ ۹۴۶ء) کی کتاب ادب الکتاب "ابو العباس احمد بن علی القلقشندی (م ۸۲۱ھ/ ۱۴۱۹ء) کی تصنیف کتاب صبح الاعشی فی صناعۃ الانشاء"

(۸) مختلف سفرنامے۔ مثلاً محمد بن احمد، ابن جبیر (م ۶۱۴ھ/ ۱۲۱۷ء) کی کتاب "رحلۃ ابن جبیر، محمد بن عبد اللہ، ابن بطوطہ (م ۷۷۷ھ/ ۱۳۷۷ء) کی کتاب رحلۃ ابن بطوطہ المسماۃ تحفۃ النظار فی غرائب الامصار و عجائب الاسفار۔

(۹) وہ کتب جو مسلم علماء نے حکمرانوں کی رہنمائی کے لیے تحریر کرکے انہیں پیش کیں۔ مثلاً



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عبدالرحمن بن نصر، الشیزری (م ۵۸۹ھ/۱۱۹۲ء) کی کتاب ''**النهج السلوک فی سیاسة الملوک**۔''(۹)

ان کتب کے علاوہ کچھ تصانیف وہ ہیں جو خالص معاشی موضوعات کا احاطہ کرتی ہیں۔ اور مسلم علماء نے یہ کتب اس دور میں تحریر کی ہیں جس کو مؤرخین معاشیات تاریک دور(Dark Age) قرار دیتے ہیں۔ یہاں ان کتب کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

| مصنف | نام کتاب | اہم موضوعات | مقام اور سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم (م۱۸۲ھ/۷۹۸ء) | کتاب الخراج | (۱) اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن (۲) بیت المال کے مصارف (۳) اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں | بولاق ۱۳۰۲ھ |
| محمد بن الحسن الشیبانی | الاکتساب فی الرزق المستطاب | (۱) کسب کی اقسام غنی | دمشق، مطبعة لانوار (۱۹۳۸ء) (تقدیم وتحقیق محمد عزنوس) |
| | | معاشی ترقی کی اقسام معاشی حاجات زراعت اور تجارت کی ترغیب زرعی آلات رزق حاصل کرنے کی ترغیب | |
| یحیٰی بن آدم القرشی | کتاب الخراج | اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن اراضی کی اقسام اور ان کے احکام تجارت اور زراعت | لاہور۔ المکتبة العلمیة ۱۳۹۵ھ (تحقیق۔ ابوالاشبال احمد محمد شاکر) |

(۹) اس کتاب کے مصنف الشیزری، الملک الناصر سلطان صلاح الدین الایوبی کے ہمعصر تھے۔ دونوں کا سال وفات ایک ہی ہے۔ مصنف نے یہ کتاب تحریر کرکے سلطان کی خدمت میں پیش کی تھی۔ دیکھئے: الشیزری، عبدالرحمن بن نصر، کتاب نهاية الرتبة فی طلب الحسبة (تحقیق السید الباز العرینی) بیروت۔ دار الثقافة مقدمہ الناشر۔ ایضاً کتاب النهج السلوک فی سیاسة الملوک القاهرہ، مطبعة الظاہر ۱۳۲۶ھ/۱۳

☆ العادة محکمة ☆ عادت کو حکم بنایا گیا ہے یعنی فیصلہ عرف کے مطابق ہوگا ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ/۸۳۸ء) | کتاب الاموال | ذرائع آمدن اور مصارف ناپ تول کے پیمانوں، مثلاً صاع، رطل وغیرہ کی تحقیق مشترکہ ملکیت | سانگلہ ہل، المکتبۃ الاثریۃ (تصحیح وتعلیق محمد حامد الفقی) |
| حمید بن مخلد ابن زنجویۃ (م ۲۵۱ھ/۸۶۵ء) | کتاب الاموال | اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن مصارف اراضی کی اقسام سود اوقاف عدل اجتماعی | الریاض، المرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیۃ/ ۱۴۰۶ھ (تحقیق: الدکتور شاکر ذیب فیاض) |
| ابو ذکریا یحییٰ بن عمر الکنانی (م ۲۸۹ھ/۹۰۲ء) | کتاب النظر والاحکام فی جمیع احوال السوق | اوزان اور پیمانوں کی تحقیق اقتصادی آزادی اقتصادی ترقی کی بنیاد تقوی ہے قیمتوں کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ ذخیرہ اندوزی کا مفہوم، اسباب اور نقصانات تجارت کی اقسام زرعی اجناس کی خرید و فروخت معاشی قوانین (یہ عالم اسلام کی پہلی کتاب ہے جو بازاروں اور افراد کے معاملات کے بارے میں بحث کرتی ہے۔) | تونس۔ الشرکۃ التونسیۃ للتوزیع، طبع ۱۹۷۵ء (تحقیق: حسن حسینی عبدالوہاب) |
| ابوبکر احمد بن محمد بن ہارون الخلال (م ۳۱۲ھ/۹۲۴ء) | الحث علی التجارۃ والصناعۃ والعمل | تجارت اور بازار تجارت کس طرح حصول معیشت کا ایک اہم ذریعہ ہے مال اور اس کے فوائد محنت کی اہمیت | الریاض: دار العاصمۃ طبع ۱۴۰۷ھ |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| قدامۃ بن جعفر الکاتب (م ۳۳۷ھ/۹۴۸ء) | نبذ من کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ | ذرائع آمدن ملکی سکے سواد عراق کے مختلف علاقوں سے حاصل ہونے والی آمدنیوں کا گوشوارہ حجاج بن یوسف اور مامون الرشید کے دور میں عراق میں مختلف اشیاء کے نرخ کیا تھے؟ | لیدن: مطبع بریل ۱۳۰۶ھ |
| ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم، ابن بصال (م چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی) | کتاب الفلاحۃ | زرعی اراضی کی اقسام زراعت کے مختلف طریقے مختلف پھلوں کے خواص زرعی آلات مختلف زرعی اجناس اور ان کی کاشت کا صحیح موسم | المغرب: تحقیق: خوسیی ماریہ میاس مطبعۃ کریمادیس ۱۹۵۵ء |
| ابوالحسن علی بن محمد الماوردی (م۴۵۰/۱۰۵۸ء) | الاحکام السلطانیۃ والولایات الدینیۃ | اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن کاشت کا صحیح موسم مصارف | مصر: دارالفکر للطباعۃ والنشر، ۱۴۰۴ھ |
| احمد بن محمد ابن حجاج الاشبیلی (م پانچویں صدی ہجری گیارہویں صدی عیسوی) | المقنع فی الفلاحۃ | اس دور کے کاشت کاروں کی معاشی حالت زرعی اراضی کی مختلف اقسام زراعت کے مختلف طریقے زرعی آلات مختلف زرعی اجناس اور ان کی اس دور کے کاشتکاروں کی معاشی | عمان: مجمع اللغۃ العربیۃ الاردنی ۱۹۸۲ء تحقیق: صلاح جوار جاسر البوصفیۃ عبدالعزیز الدوری |

☆ الغرم بالغنم ☆ خسارہ نفع کے ساتھ ساتھ ہی ہوتا ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ابوالخیر الاندلسی | کتاب فی الفلاحۃ | مختلف حالت علاقوں کے محاصل زرعی اراضی کی مختلف اقسام زراعت کے مختلف طریقے مختلف قسم کی زمینیں کن کن اجناس کے لیے زیادہ مفید ہیں زرعی اجناس مختلف قسم کی فصلیں اور ان کی کاشت کا صحیح موسم زرعی آلات | فاس : المطبعۃ الجدیدۃ ۱۳۵۷ھ |
| عبدالرحمٰن بن نصر الشیزری (م ۵۸۹ھ/۱۱۹۲ء) | کتاب نھایۃ الرتبۃ فی طلب الحسبۃ | محتسب بننے کے لیے ضروری شرائط محتسب کے فرائض مختلف پیشوں کا ذکر تجارت کی اقسام سود مختلف اشیاء کے نرخ ذخیرہ اندوزی مختلف سکے | بیروت: دار الثقافۃ تحقیق: الدکتور السید الباز العرینی |
| ابوالفضل جعفر ابن علی الدمشقی (چھٹی صدی ھجری/ بارھویں صدی عیسوی) | الاشارۃ الی محاسن التجارۃ | مختلف اشیاء کی لاگت اور قیمت کا تعین کس طرح ہوگا نظریہ قدر قیمتیں کیوں بڑھتی ہیں؟ مختلف اشیاء کے نرخ اور بازار پر ان کا اثر کام کی تقسیم سونے اور چاندی کے سکے تجارت اور اس کے اسلوب محنت کے پھیلاؤ کے اسباب اور اس کی ضرورت | القاھرۃ: مکتبۃ الکلیات الازھریۃ ۱۹۷۷م (تحقیق: البشری الشوربجی) |

☆ یقین شک کی وجہ سے زائل نہیں ہوتا ☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسعد بن المھذب، ابن مماتی (م۶۰۶ھ/۱۲۰۹ء) | قوانین الدواوین | مصر میں عہد آل ایوب کا زرعی نظام زرعی محاصل زرعی اجناس زرعی سرگرمیاں جزیہ قبالہ وراثت کے احکام مصری اوزان اور پیمانوں کی تحقیق | القاھرۃ: ۱۹۴۳م (تحقیق: عزیز سوریال عطیۃ) |
| ابوزکریا یحییٰ بن محمد ابن العوام الاشبیلی (۱۰) | کتاب الفلاحۃ | زرعی اراضی کی اقسام زراعت کے مختلف طریقے مختلف زرعی اجناس اور ان کی کاشت کا صحیح موسم اس دور کے کاشتکاروں کی معاشی حالت | میڈرڈ: ۱۸۰۲م |
| ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم، ابن تیمیہ | الحسبۃ فی الاسلام او وظیفۃ الحکومۃ الاسلامیہ | محتسب کے فرائض معاملات کی مختلف اقسام ذخیرہ اندوزی ذخیرہ اندوز کیسے عمل کرتا ہے؟ خرید و فروخت تسعیر کا جواز اور عدم جواز زراعت شراکت اجارہ | مطبعۃ المؤید: ۱۳۱۸ھ |
| محمد بن محمد بن احمد القرشی، ابن الاخوۃ (م۷۲۹ھ/۱۳۲۹ء) | معالم القربۃ فی احکام الحسبۃ | محتسب بننے کے لیے شرائط محتسب کے فرائض مختلف اشیاء کے نرخ بازار اور ان کی تنظیم زکوۃ مختلف پیشے رکھنے والے افراد کا ذکر سود تجارت کی اقسام اجارہ اوزان اور پیمانوں کی تحقیق الحسبۃ | کیمبرج: مطبعۃ دارالفنون ۱۹۳۷ء (تصحیح: روبن لیوی) |

(۱۰) یہ واحد عالم فلاحت ہے جسے ابن خلدون نے اپنے مقدمہ میں قابل حوالہ سمجھا ہے۔ دیکھیے: ابن خلدون، عبدالرحمن بن محمد، مقدمہ، مصر، مطبعۃ التجاریۃ مصطفیٰ محمد صاحب المکتبۃ ج:۲ باب:۶ فصل:۲ (علم بناتات)

☆ الضرورات تبیح المحظورات ☆ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر، ابن قیم (م۷۵۱ھ/۱۳۵۰ء) | الطرق الحکمیۃ فی السیاسۃ الشرعیۃ | تسعیر (قیمتوں کا تعین) ذخیرہ اندوزی مزارعت مختلف صنعتوں کی نوعیت اور ان کا علم | بیروت: دارالکتب العلمیۃ |
| ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن، الوصابی (۷۸۲ھ/۱۳۸۰ء) | البرکۃ فی فضل السعی والحرکۃ | عبادات کا معاشی پہلو محنت کی عظمت کاہلی کے نقصانات | القاھرۃ: المکتبۃ التجارہ |
| ابوالفرج عبدالرحمٰن بن احمد، ابن رجب (م۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء) | الاستخراج لاحکام الخراج | قبل از اسلام سواد کے علاقے میں خراج وظیفہ اور خراج مقاسمہ اراضی کی مختلف اقسام مزارعت مساقات جزیہ اقطاع مصارف زکوٰۃ کی تحدید حکومت ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقوم کو کن مصالح پر خرچ کرے۔ | بیروت: دارالکتب العلمیۃ ۱۴۰۵ء |
| تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م۸۴۵ھ/۱۴۴۱ء) | المواعظ والاعتبار فی ذکر الخطط والاثار | مصر کی معاشی تاریخ بازار اور ان کی تاریخ بجٹ (آمد و خرج کا تخمینہ) بجٹ بنانے کے اصول مختلف ادوار میں بجٹ سازی کس طرح ہوئی؟ کرنسی اور اس کے مختلف ادوار | لبنان: مکتبۃ احیاء العلوم |

☆ الیقین لا یزول بالشک ☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| ایضاً | کتاب النقود الاسلامیۃ المسمی بشذور العقود فی ذکر النقود | اسلام سے قبل اور اس کے بعد عرب شہروں میں کرنسی کے استعمال کی تاریخ قدیم کرنسی وہ کرنسی جو مختلف مسلم حکمرانوں کے ادوار میں زیر استعمال رہی مصری کی کرنسی | قم: منشورات الشریف الرضی ۱۳۸۷ھ تحقیق: محمد السید علی بحر العلوم |
| شہاب الدین احمد بن علی الدلجی (م ۸۳۸ھ/ ۱۴۳۵ء) | الفلاکۃ والمفلوکون | معاش کے طریقے تجارت کا شتکاری صنعت وحرفت آمد و خرچ اور ان کے مابین تعلق معاشی سرگرمیوں کی اہمیت | القاھرۃ: مطبعۃ الشعب ۱۳۲۲ء |
| ابن بسام، محمد (م نویں صدی ھجری / پندرہویں صدی عیسوی) | نھایۃ الرتبۃ فی طلب الحسبۃ | محتسب بننے کے لیے شرائط محتسب کے فرائض ذخیرہ اندوزی مختلف اشیاء کے نرخ مختلف پیشے رکھنے والے افراد اوزان اور پیمانوں کی تحقیق دلال کی اجرت | بغداد: مطبعۃ المعارف ۱۹۶۸م تحقیق، حسام الدین السامرائی) |
| عبدالغنی، النابلسی (م ۹۳۵ھ/ ۱۵۲۹ء) | علم الملاحۃ فی علم الفلاحۃ | زرعی اراضی کی مختلف اقسام زراعت کے مختلف طریقے زراعت کے فوائد مختلف پھلوں کو محفوظ کرنے کے طریقے مختلف زرعی اجناس اوران کی کاشت کا صحیح موسم | بیروت: دارالافاق الجدیدۃ، طبع ۱۹۷۹ء |

یہ تو ان کتب کی فہرست ہے جو طبع ہو چکی ہیں اور مختلف کتب خانوں میں دستیاب ہیں۔

لیکن ان کے علاوہ بھی معاشیات کے موضوع پر درجنوں کتب ہیں جو ہنوز زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوسکیں۔

☆ تخصیص العام بالنیۃ مقبولۃ دیانۃ لا قضاء ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاشیات کے موضوع پر ان کتب کے مختصر تعارف کے بعد اب ہم نہایت اختصار کے ساتھ اسلامی تاریخ کے چند ماہرین معاشیات کے معاشی افکار ونظریات پر بحث کریں گے۔اس ضمن میں ہم نے درج ذیل شخصیات کا انتخاب کیا ہے:

| | |
|---|---|
| حضرت عمر بن الخطابؓ | (۱۳ ۔ ۲۴ھ / ۶۳۴ ۔ ۶۴۵ء) |
| حضرت علی بن ابی طالبؓ | (۳۵ ۔ ۴۰ھ / ۶۵۶ ۔ ۶۶۱ء) |
| حضرت عمر بن عبدالعزیز | (۹۹ ۔ ۱۰۱ھ / ۷۱۷ ۔ ۷۱۹ء) |
| ابو حنیفہ النعمان بن ثابت | (م ۱۵۰ھ / ۷۶۷ء) |
| ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم | (م ۱۸۲ھ / ۷۹۸ء) |
| محمد بن الحسن الشیبانی | (م ۱۸۹ھ ۸۰۵ء) |
| یحیٰ بن آدم القرشی | (م ۲۰۳ھ / ۸۱۸ء) |
| ابو عبید القاسم بن سلام | (م ۲۲۴ھ / ۸۳۸ء) |
| قدامۃ بن جعفر الکاتب | (م ۳۳۷ھ / ۹۴۸ء) |
| ابو محمد علی بن احمد، ابن حزم | (م ۴۵۶ھ / ۱۰۶۴ء) |
| ابو حامد محمد بن محمد، الغزالی | (م ۵۰۵ھ / ۱۱۱۱ء) |
| ابو الفضل جعفر ابن علی الدمشقی | (م چھٹی صدی ہجری / بارہویں صدی عیسوی) |
| عبدالرحمٰن بن محمد، ابن خلدون | (م ۸۰۸ھ / ۱۴۰۶ء) |

## حضرت عمر بن الخطابؓ

اسلامی معاشی فکر کی تاریخ میں حضرت عمر بن الخطابؓ ایک عظیم معاشی مفکر کی حیثیت سے سامنے آتے ہیں کیونکہ آپ کو اپنے دور حکومت میں بعض ایسے اقتصادی مسائل سے دوچار ہونا پڑا جو عہد رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں موجود نہیں تھے۔ آپؓ نے اپنی اعلیٰ اقتصادی بصیرت کی بدولت ان کو احسن طریقہ سے حل فرمایا۔

امام ابو یوسفؒ نے کتاب الخراج میں شام وعراق کی مفتوحہ زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ کی اختیار کردہ پالیسی پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ ان کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ صحابہ کرام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں سے ایک جماعت کا مطالبہ یہ تھا کہ مفتوحہ زمینیں فاتحین کو بطور جاگیر دے دی جائیں۔ لیکن حضرت عمرؓ نے بعض قومی مصالح کی بنا پر زمینیں تقسیم کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ نے یہ رائے دی کہ زمینوں کو سرکاری ملکیت قرار دیا جائے اور سابق مالک ہی ان کو کاشت کریں۔ اور کاشت کاروں پر خراج عائد کر دیا جائے۔(۱۱)

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے مفتوحہ اراضی کے بارے میں ان کے معاشی فکر کے درج ذیل اصول ومبادی اخذ کیے جاسکتے ہیں۔

(الف) زمین کاشت کرنے کا اصل حقدار صاحب زمین ہی ہے۔ بہتر پیداوار کے حصول کے لیے زمین اس کے اصل مالک کے پاس ہی رہنی چاہیے۔

(ب) بہت زیادہ وسیع رقبے کا مالک زمین سے وہ فوائد حاصل نہیں کرسکتا جو چھوٹے رقبے کا مالک محدود زمین سے محنت کر کے حاصل کرتا ہے۔

(ج) اگر مفتوحہ اراضی فاتحین کے درمیان تقسیم کر دی گئی تو یہ وسیع وعریض رقبہ چند ہاتھوں میں محدود ہو جائے گا۔ اور اس طرح حکومت کو محاصل وخراج میں خسارہ برداشت کرنا پڑے گا۔

(د) مفتوحہ اراضی فاتح جرنیلوں میں تقسیم کرنے سے امت میں اغنیاء کا ایک بڑا طبقہ پیدا ہو جائے گا اور اس سے ان کے مزاج اور عادات میں خلل پیدا ہوگا۔

(ر) فوج کا فریضہ زراعت اور کاشت کاری نہیں بلکہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

حضرت عمرؓ نے مصر کی زمینیں بھی ان کے اصل مالکوں کے پاس ہی رہنے دیں اور ان کو مسلمانوں کے قبضے سے بچانے کے لیے یہ قانون بنا دیا کہ کوئی مسلمان خرید کر بھی زمین حاصل نہیں کرسکتا۔ کئی صدیوں تک یہ قانون جاری رہا۔

حضرت عمرؓ کو بہبود عامہ کی ہر وقت فکر رہتی تھی۔ طبری کی روایت کے مطابق حضرت عمرؓ نے ایک دفعہ فرمایا تھا کہ جمہور کی خوش حالی کا جائزہ لینے کے لیے تمام ملک کا دورہ کروں گا۔(۱۲) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ اپنے عمال کو رخصت کرتے وقت جو نصیحتیں فرماتے تھے ان میں یہ الفاظ بھی ہوتے تھے کہ مسلمانوں کی سہولت اور خوش حالی کے لیے ہر طرح کا

---

(۱۱) ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، بولاق ۱۳۰۲ھ/ خلاصہ صفحات ۲۵ تا ۲۹

(۱۲) طبری، ابو جعفر محمد بن جریر، تاریخ الرسل والملوک، (تحقیق ابوالفضل محمد ابراہیم) القاہرہ، دار المعارف ج:۴ ص ۲۰۱

☆ الاصل براءة الذمه ☆ بنیادی طور پر ذمہ سے بری ہونا مقصود ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اہتمام کرتے رہنا۔(۱۳)

حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے عشور(Custom Duty) کی ابتداء کی۔(۱۴) آپ بیت المال کے مداخل و مخارج کے بارے میں عمال کے نام احکام بھیجتے رہتے تھے۔ صاحب کنزلعمال، علاء الدین علی المتقی (م ۹۷۵ھ/ ۱۵۶۷ء) نے حضرت عمرؓ کے ان فرامین کو نقل کیا ہے جو انہوں نے اپنے عہد حکومت میں مختلف عمال کے نام تحریر کیے تھے۔(۱۵)

اسلام سے قبل عربوں کے ہاں رومی، فارسی اور یمن کے سکے رائج تھے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں انہی سکوں کے ذریعے لین دین ہوتا تھا۔تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م ۸۴۵ھ/ ۱۴۴۱ء) کے بیان کے مطابق اسلام میں سب سے پہلے حضرت عمرؓ کے دور میں سکے بنائے گئے۔(۱۶) آپ نے ۱۸ھ میں یہ حکم دیا تھا کہ ساسانی طرز کے سکوں پر نئے سکے بنائے جائیں۔آپ نے بعض سکوں پر"الحمد للہ" کچھ پر"محمد رسول اللہ" اور بعض پر"لا الہ الا اللہ وحدہ" کے لفظ کندہ کروائے۔(۱۷) اس دور کے بعض سکوں میں سے کچھ عراقی عجائب گھر میں اب بھی موجود ہیں۔(۱۸)

## حضرت علی بن ابی طالبؓ

اسلامی معاشی فکر کے ارتقاء میں علی بن ابی طالبؓ کا کردار بھی نمایاں ہے۔ٹیکسوں کی وصول کے ضمن میں آپؓ نے یہ نظریہ پیش کیا کہ اگر عدل و انصاف سے ٹیکس وصول کیے جائیں تو آمدنی بڑھ جاتی ہے اور ظلم وستم کے نتیجہ میں آمدنی کم ہوجاتی ہے۔آپ نے جب اپنے عامل کو مصر کے خراج پر مقرر کیا تو تنبیہ کی کہ خراج کی وصولی میں عدل کو پیش نظر رکھنا۔اس سے خراج کی رقم میں

---

(۱۳) ابو یوسف، الخراج ص: ۱۲۴، ۱۲۵

(۱۴) ایضاً / ۱۲۵

(۱۵) علی المتقی، علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین، کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، بیروت، موسسۃ الرسالہ الطبعۃ الخامسۃ ۱۴۰۵ھ ص: ۵۴۹ تا ۵۸۷

(۱۶) المقریزی، تقی الدین احمد بن علی بن عبدالقادر، کتاب النقود الاسلامیۃ، المسمی "بشذور العقود فی ذکر النقود (تحقیق: محمد السید علی بحر العلوم) قم: منشورات الشریف الرضی، الطبعۃ الخامسۃ ۱۳۸۷ھ/ ۸

(۱۷) دنوزطہ، عبدالواحد صور سیاسۃ الحجاج الثقفی المالیۃ فی العراق، مجلۃ المورد (تصدرھا وزارۃ الاعلام الجمھوریہ العراقیۃ) اعدد الثالث ۱۳۹۶ھ/ ۲۵

(۱۸) النقشبندی، السید ناصر محمود الدرھم الاسلامی المضروب علی الطراز الساسانی بغداد۔ المجمع العلمی العراقی ۱۳۸۹ھ/ ۳۸، ۴۰

☆الاصل بقاء ما کان علی ما کان ☆ بنیادی طور پر جو چیز جس حالت پر ہو وہ اسی پر باقی رہتی ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بھی اضافہ ہوگا اور آبادی کی فلاح و بہبود بھی ہوگی۔ جبکہ ظلم وستم سے نتائج اس کے برعکس نکلتے ہیں۔
محمد بن الحسین الشریف الرضی (م ۴۰۶ھ/۱۰۱۵ء) نے نہج البلاغہ میں حضرت علیؓ کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**ولیکن نظرک فی عمارة الارض ابلغ من نظرک فی استجلاب الخراج لان ذلک لا یدرک الا بالعمارة ومن طلب الخراج بغیر عمارة اخرب البلاد واھلک العباد.** (۱۹)

اور خراج کی جمع آوری سے زیادہ زمین کی آبادی کا خیال رکھنا کیونکہ خراج بھی تو زمین کی آبادی ہی سے حاصل ہوسکتا ہے اور جو آباد کیے بغیر خراج چاہتا ہے وہ ملک کی بربادی اور بندگان خدا کی تباہی کا سامان کرتا ہے۔

حضرت علیؓ "التنمیة" کی جگہ "العمارة" کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔ اور اس سے آپ "عدل اجتماعی" مراد لیتے ہیں۔ آپؓ مصر کے ایک عامل کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں:

**فافسح فی آمالھم وواصل فی حسن الثناء علیھم، و تعدید ما ابلی ذو والبلاء منھم فان کثرة الذکرلحسن افعالھم تھزالشجاع و تحرض النا کل ان شاء اللّٰہ.** (۲۰)

پس ان کی امیدوں میں وسعت و کشائش رکھنا۔ انہیں اچھے لفظوں سے سراہتے رہنا، اور ان کارناموں کا تذکرہ کرتے رہنا۔ اس لیے کہ ان کے اچھے کارناموں کا ذکر بہادروں کو جوش میں لے آتا ہے اور پست ہمتوں کو ابھارتا ہے۔ ان شاء اللہ

حضرت علیؓ نے صیغۂ مال میں بعض ایسی اصلاحات کیں جن سے اس کی آمدنی میں اضافہ ہوگیا۔ آپؓ کے عہد سے قبل جنگلات سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہیں کیا جاتا تھا۔ امام ابو یوسف کے بیان کے مطابق آپ نے ان کو قابل ٹیکس قرار دیا۔ چنانچہ صحرائے برس سے چار ہزار درہم سالانہ آمدنی ہوتی تھی۔ (۲۱)

---

(۱۹) الشریف الرضی، محمد بن الحسین۔ نہج البلاغة (مع شرح الشیخ محمد عبدہ) بیروت دارالمعرفۃ ۳/۹۶
(۲۰) ایضا: ۹۳ (۲۱) ابو یوسف، الخراج/۹۵

البینة علی مان ادعی والیمین علی من انکر ☆ گواہ لانا مدعی کے ذمہ اور قسم منکرِ دعوی کے ذمہ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تجارتی معاملات میں ناپ تول کے پیمانوں کی درستگی پر آپ نے کافی توجہ دی۔ آپ دُرّہ لے کر بازار نکل جاتے تھے اور اشیاء فروخت کرنے والوں کو ناپ تول میں ایمان داری کی ہدایت کرتے۔ ابن سعد ''طبقات'' میں لکھتے ہیں:

> قال رایت علیا... ومعه درة له یمشی بها فی الاسواق و یا مرهم بتقوی اللّٰه وحسن البیع ویقول اوفوالکیل والمیزان۔ (۲۲)

> کہا، میں نے (حضرت) علیؓ کو اس حالت میں دیکھا... اور ان کے ہمراہ درہ (چرمی ہنٹر) تھا۔ جسے وہ بازاروں میں لے جاتے تھے اور لوگوں کو اللہ سے ڈرنے اور بیع میں خوبی کا حکم دیتے تھے اور کہتے تھے کہ کیل (پیمانہ) اور ترازو کو پورا کرو۔

حضرت علیؓ کے نزدیک جب حکمران اور رعایا دونوں اپنے اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ ہوں تو اس سے معاشی ترقی کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔ قومی یکجہتی اور حاکم و محکوم میں مکمل ہم آہنگی کا کسی ملک کی ترقی میں اہم کردار ہوتا ہے۔ ایک ایسا معاشرہ جہاں رعایا کے حقوق چھینے جاتے ہوں، حکمران طبقہ اور رعایا کے مابین شکوک و شبہات جنم لیتے ہوں، ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔ آپ ایک خطبہ میں فرماتے ہیں:

> واعظم ما افترض سبحانه من تلک الحقوق حق الوالی علی الرعیة و حق الرعیة علی الوالی فریضة فرضها اللّٰه سبحانه لکل علی کل، فجعلها نظاماً لالفتهم و عزاً الدینهم فلیت تصلح الرعیة الابصلاح الولاة ولاتصلح الولاة الا باستقامة الرعیة. فاذا ادت الرعیة الی الوالی حقه، وادی الوالی الیها حقها، عزالحق بینهم، وقامت مناهج الدین، واعتدلت معالم العدل... فصلح بذلک الزمان وطمع فی بقاء الدولة واذا غلبت الرعیة والیهااو احجف الوالی برعیته، اختلفت هنالک الکلمة

(۲۲) ابن سعد، ابوعبداللہ ابن سعد، الطبقات الکبری، بیروت، دار صادر للطباعة والنشر ۱۳۷۷ھ ۳/ ۲۸

☆ اعمال الکلام اولی من اهماله ☆ کلام پر عمل کرنا اسے مہمل چھوڑنے کی نسبت اولیٰ ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وظهرت معالم الجور. (۲۳)

اور فرض شدہ حقوق میں سے ایک حاکم کا حق ہے رعایا پر۔ اور رعایا کا حق ہے حاکم پر۔ یہ خدا کا فرض (واجب) کردہ فریضہ ہے۔ دونوں میں سے ہر ایک پر جسے عام انسانوں کی تنظیم اور ان کے دین کی عزت بنایا ہے۔ اب رعایا کی اصلاح حاکموں ہی کی اصلاح پر ہے اور ان کی اصلاح رعایا کی استقامت و استقلال پر موقوف ہے۔ تو جب رعایا والی کا حق پورا کر دے اور حاکم محکوم کے حق ادا کر دے تو ''حق'' ان لوگوں میں معزز اور دین کے راستے واضح اور عدل کے نشانات اعتدال حاصل کر لیتے ہیں۔ اس طرح زمانے میں اصلاح اور حکومت کی بقاء کا خیال پیدا ہو جاتا ہے۔ اور جب رعایا اپنے حاکم پر غالب آ جائے یا حاکم رعایا پر ظلم کرنے لگے تو اتحاد کا خاتمہ اور ظلم کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔

## حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا دور بھی ان کے معاشی فکر اور تجزیاتی رسائی کے بارے میں کافی معلومات مہیا کرتا ہے۔ ٹیکسوں کی وصولی میں جو بے اعتدالیاں پائی جاتی تھیں آپ نے ان کو دور کیا۔ آپ نے خراج کی وصولی کے متعلق اپنے عامل عبدالحمید بن عبدالرحمٰن کو یہ فرمان لکھا:

ان انظر الارض ولاتحمل خرابا على عامر ولا عامراً على خراب، وانظر الخراب فان اطاق شيئاً فخذ منه ماطاق واصلحه حتى يعمر، ولاتاخذ من عامر لايعتمل شيئاً، وما اجدب من العامر من الخراج فخذه فى رفق و تسكين لا هل الارض، وآمرك ان لا تاخذ فى الخراج الا وزن سبعة ليس فيها تبرولا اجور الصنبرا بين ولا اذابة الفضة ولا هدية النيروز والمهر جان ولا ثمن الصحف ولااجور الفيوج ولااجور البيوت و لا دراهم

۲۳۔ الشریف الرضی، نہج البلاغۃ ۲/ ۱۹۸۔۱۹۹

☆ الضرر يزال ☆ ضرر (نقصان) کا ازالہ کیا جائے گا ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



النکاح، ولا خراج علی من اسلم من اھل الارض.(۲۴)

زمین کا جائزہ لو۔ محاصل کی تعین میں کسی ناکارہ زمین کو آباد زمین پر یا آباد زمین کو ناکارہ زمین پر نہ قیاس کرو۔ ناکارہ زمینوں کا جائزہ لینے پر اگر یہ اندازہ ہو کہ وہ کچھ محصول برداشت کرسکتی ہیں تو ان سے ان کی برداشت کے مطابق وصول کرو۔ اور ان کی اصلاح کی تدبیر کر کے ان کو پوری طرح قابل کاشت بنا دو۔ ایسی کارآمد زمین پر کوئی محصول نہ عائد کرو جو زیر کاشت نہ ہو۔ جن قابل کاشت زمینوں سے خراج وصول ہونا بند ہو گیا ہو ان کے معاملہ کو زمین والوں کے ساتھ نرمی اور سہولت برتتے ہوئے سلجھاؤ۔ اور میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ خراج میں صرف وزن سبعۃ والے درہم لیا کرو جن میں جعلی یا ردی سکے نہ ہوں۔ سکہ ڈھالنے والوں کی اجرت اور چاندی پگھلانے کی اجرت نہ وصول کرو۔ نوروز اور مہرجان کے تحفے نہ لو۔ کاغذات کی قیمت اور ہرکاروں کی اجرت نہ وصول کرو۔ شب باشی کے مکانوں کا کرایہ اور پیشہ زنا سے ہونے والی آمدنی پر (ٹیکس) نہ لو۔ اور زمین والوں میں سے جو کوئی اسلام لائے اس پر خراج (یعنی جزیہ) نہیں عائد ہوگا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے عام فرمان جاری کیا کہ جو لوگ مسلمان ہو جائیں ان سے جزیہ نہ وصول کیا جائے۔ اس وجہ سے صرف مصر میں اتنے آدمی مسلمان ہوئے کہ جزیہ کی آمدنی کم ہوگئی۔ آپ کے ایک والی نے خط لکھ کر نومسلموں سے جزیہ وصول کرنے کی اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا:

وان اللّٰہ جل ثناء ہ بعث محمداً صلی اللّٰہ علیہ وسلم داعیاً الی الاسلام ولم یبعثہ جابیاً فمن اسلم من اھل تلک الملل فعلیہ فی مالہ الصدقۃ ولاجزیۃ علیہ.(۲۵)

اور بے شک اللہ جل شانہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو داعی بنا کر بھیجا تھا نہ کہ محصل بنا کر۔ ان مذاہب کے پیروؤں میں سے جو لوگ اسلام لے آئیں

(۲۴) ابویوسف، الخراج/۹۳ (۲۵) ابویوسف، الخراج/۱۴۲



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کے ذمہ اپنے مال کی زکوٰۃ ہوگی۔ ان پر جزیہ نہیں عاید ہوگا۔

آپ نے تو یہ فرمان بھی جاری کر دیا کہ اگر کسی غیر مسلم کا جزیہ ترازو میں رکھا جا چکا ہو اور اس حالت میں بھی وہ اسلام قبول کرلے تو اس سے جزیہ نہ لیا جائے۔(۲۶)

حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ایک عامل نے ٹیکس کی وصولی کے لیے لوگوں کو سزا دینے کی اجازت طلب کی تو آپ نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا۔(۲۷)

انہوں نے اپنے دور میں جس قدر ناجائز ٹیکس تھے سب موقوف کر دیے۔ ابو عبداللہ محمد ابن سعد (م ۲۳۰ھ/ ۸۴۴ء) نے اپنی کتاب ''الطبقات الکبریٰ'' میں لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عدی بن ارطاۃ (م ۱۰۲ھ/ ۷۲۰ء) کو ایک فرمان جاری کیا۔ جس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

> ان صنع عن الناس المائدة والنوبة والمكس، ولعمرى ما هو بالمكس ولكنه، البخس الذى قال الله ولا تبخسوا الناس اشياء هم ولا تعثوافى الارض مفسدين. (۲۸)
>
> کہ لوگوں سے مائدہ، نوبہ اور مکس (محصول کے اقسام) اٹھالو۔ میری جان کی قسم یہ مکس نہیں ہے بلکہ بخس (نقصان) ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لوگوں کی چیزوں میں خیانت نہ کرو اور نہ زمین میں فساد کرتے پھرو۔

بعض عمال چیزوں کا نرخ گھٹا کر کم قیمت پر خرید لیتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے یہ قانون بنادیا کہ کوئی عامل کسی فرد کا مال کم قیمت پر نہیں خرید سکتا۔ فارس کے والی کو آپ نے لکھا:

> بلغنى ان عمالك بفارس يخرصون الثمار على اهلها ثم يقومونها بسعردون سعر الناس الذى يتبايعون به فيا خذونه ورقاً على قيمتهم التى قوموها وان طوائف من الاكراد يا خذون العشر من الطريق، ولو علمت انك امرت بشئى من ذلك او رضيته بعد علمك به ماناظرتك ان شاء الله بما تكره. (۲۹)
>
> مجھے معلوم ہوا ہے کہ فارس کے تمہارے ماتحت عہدہ دار پھلوں کو ان کے

(۲۶) ابن سعد، طبقات ۵/ ۳۵۶۔ ابو یوسف الخراج، ۱۴۹

(۲۷) ابن سعد، طبقات ۵/ ۳۸۳ (۲۹) ابن سعد، طبقات ۵/ ۳۹۲

☆ اذا تعارض الحقوق قدم منها المضيق ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مالکوں کے پاس اندازہ کر کے قیمت ایسے نرخ سے لگاتے ہیں جس پر لوگ باہم خرید وفروخت نہیں کرتے۔ اس اندازہ کی ہوئی قیمت پر اس کی چاندی لیتے ہیں اور کردوں کے چند گروہ راستے سے عشر (آمدنی کا دسواں حصہ) وصول کرتے ہیں۔ اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ ان امور میں سے تم نے کسی امر کا حکم دیا ہے یا اس کے معلوم ہونے کے بعد تم اس پر راضی ہو تو ان شاء اللہ میں کوئی ایسی بحث نہ کرتا جو تمہیں ناگوار معلوم ہوتی۔

آپ نے اپنے دور میں کفالت عامہ کا بہترین انتظام کیا۔ عدی بن ارطاۃ کو لکھا:

**فانظر اهل الذمة فارفق بهم، واذا اكبر الرجل منهم وليس له مال فانفق عليه فان كان له حميم فمر حميمه ينفق عليه.** (۳۰)

ذمیوں کے حال پر نظر کرو اور ان کے ساتھ مہربانی کرو جب ان میں سے کوئی بوڑھا ہو جائے اور اس کے پاس مال نہ ہو تو اس پر تم خرچ کرو۔ اگر اس کا کوئی دوست ہو تو حکم دو کہ وہ اس پر خرچ کرے۔

## ابو حنیفہؒ النعمان بن ثابت

اسلامی تاریخ میں ابو حنیفہ (النعمان بن ثابت) کے معاشی افکار ونظریات بھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ آپ خود ایک بڑے تاجر تھے۔ اس لیے فقہ کے مالی مسائل میں تاجرانہ انداز فکر سے متاثر نظر آتے ہیں۔ آپ نے ایک معاشی مفکر کی حیثیت سے خرید وفروخت کے معاملات میں رہنمائی دی ہے۔ تجارت سے متعلق آپ کے معاشی افکار حنفی فقہ کی کتب میں ملتے ہیں۔ آپ نے خرید وفروخت کے چار اصول پیش کیے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں:

(الف) جو چیز بدل میں لی جائے اس سے واقفیت ضروری ہے۔

(ب) معاملہ کرتے وقت ہر قسم کے سود سے بچنا چاہیے۔

(ج) خرید وفروخت کے معاملات میں جہاں نص نہ ہوگی، عرف کو معتبر سمجھا جائے گا۔

---

(۳۰) ایضاً ۳۸۰/۵



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


(د) تمام معاملات میں امانت داری اساس و بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔(۳۱)

لوگوں کو باہمی جھگڑوں سے بچانے کے لیے آپ نے بیع سلم میں چھ امور کی وضاحت ضروری قرار دی ہے۔

(۱) تعریف وتعیین جنس

(۲) تعیین نوع، اگر اس کے مختلف انواع ہوں۔

(۳) تعیین مقدار

(۴) وضاحت اوصاف

(۵) تعیین مدت

(۶) اس مقام کی تعیین جہاں مسلم فیہ (وہ غلہ وغیرہ اشیاء جن کی بیع کی جائے) سپرد کیا جائے۔(۳۲)

## ابو یوسف یعقوب بن ابراہیمؒ

ابو یوسف یعقوب بن ابراہیمؒ نے ''کتاب الخراج'' میں خراجی زمینوں کے محاصل پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ ان زمینوں کے اسلامی مملکت میں شامل ہونے اور ان کے نظام محاصل کی پوری تاریخ بیان کرنے کے بعد انہوں نے نظام المساحہ اور نظام المقاسمہ کا تقابلی جائزہ پیش کیا ہے۔ آپ بڑی تفصیل سے وہ واقعات سامنے رکھتے ہیں جن میں اس نئے نظام کی ضرورت محسوس ہوئی۔ آپ لکھتے ہیں:

> **نظرت فی خراج السواد وفی الوجوه التی یجبی علیها وجمعت فی ذلک اهل العلم بالخراج وغیرهم و ناظرتهم فیه فکل قد قال فیه بما لا یحل العمل به، فناظر تهم فیما کان وظف علیهم فی خلافة عمر بن الخطاب رضی الله عنه فی خراج الارض واحتمال ارضهم اذ ذاک لتلک الوظیفة.** (۳۳)
>
> میں نے سواد کے خراج اور اس کے محاصل وصول کرنے کے طریقوں پر غور

---

(۳۱) ابوزھرہ، محمد بن احمد۔ ابوحنیفۃ حیاتہ وعصرہ۔ آراؤہ وفقھہ (مترجم غلام احمد حریری) فیصل آباد۔ ملک سنز/خلاصہ ص ۶۱۰ تا ۶۱۳

(۳۲) ایضاً ۶۱۷، ۶۱۸

(۳۳) ابو یوسف، الخراج/۵۱۔

☆ جس نے قبل از وقت کسی شی کے حصول کی کوشش کی اسے اس سے محرومی کی سزا دی جائے گی ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا۔ اس سلسلہ میں میں نے خراج کے متعلق علم رکھنے والوں اور دوسرے حضرات کو جمع کرکے ان سے بحث و مذاکرہ بھی کیا۔ کیونکہ ہر ایک نے اس باب میں ایسی آراء ظاہر کی ہیں جن پر عمل جائز نہیں ہوگا۔ میں نے ان سے محاصل کی بابت گفتگو کی جو عمر بن الخطابؓ کے عہد خلافت میں ان لوگوں پر زمین کے خراج کے طور پر عائد کیے گئے تھے اور یہ بات سامنے رکھی کہ اس وقت ان کی زمینیں ان محاصل کا بار برداشت کرسکتی تھیں۔

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں:

**فذكرو ان العامر كان من الارضين في ذلك الزمان كثيراً وان المعطل منها كان يسيراً ووصفوا كثرة العامر الذى لايعمل وقلة العامر الذى يعمل وقالوا لو اخذنا بمثل ذلك الخراج الذى كان حتى يلزم للعامر المعطل مثل ما يلزم للعامر المعتمل، ثم نقوم بعمارة ما هوا الساعة غامر ولا نحرثه لضعفنا عن اداء خراج مالم نعمله وقلة ذات ايدينا فاما ما تعطل منذمائة سنة واكثر واقل فليس يمكن عمارة ولا استخراجه في قريب ولم يعمر ذلك حاجة الى مؤنة و نفقة لا تمكنه، فهذا عذرنا في ترك عمارة ما قد تعطل.** (۳۴)

لیکن ان لوگوں نے یہ کہا کہ اس زمانہ میں زیادہ تر زمینیں آباد تھیں اور ایسی زمینیں کم تھیں جن پر کاشت نہ کی جارہی ہو اور اب ایسی کارآمد زمینیں زیادہ ہیں جن پر کاشت نہیں کی جارہی ہے۔ اور ایسی کارآمد زمینیں کم ہیں جن پر کاشت بھی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم سے اب بھی خراج کی وہی شرحیں وصول کی گئیں جو (حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مقرر کی گئی) تھیں تو ان کارآمد زمینوں پر جو زیر کاشت نہیں ہیں وہی مالیہ عائد ہوگا جو زیر کاشت

---

۳۴۔ ابو یوسف، الخراج ۵۲



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زمینوں پر ہوگا اور پھر ہمیں (لازماً) ان زمینوں کی آباد کاری کا انتظام کرنا ہوگا جو آج کل بالکل بنجر ہو چکی ہیں حالانکہ ان کی کاشت ہم نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ایک تو ہم ان زمینوں کا خراج ادا کرنے سے بھی قاصر ہو رہے ہیں جو زیر کاشت نہیں ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے پاس سرمایہ بھی بہت کم ہے۔ رہیں وہ زمینیں جو کم وبیش سو سال سے بے کار پڑی ہیں تو بھی مستقبل قریب میں ان کی بازیافت اور آباد کاری کا امکان نظر نہیں آتا۔ ایسی زمینوں کو آباد کرنے والوں کو اتنے زیادہ مصارف برداشت کرنے ہوں گے جو سردست استطاعت سے باہر ہیں۔ معطل زمینوں کی آباد کاری سے گریز کا ہمارے پاس یہی عذر ہے۔ اس کے بعد امام ابو یوسف کہتے ہیں:

**فرایت ان وظیفة من الطعام. کیلا مسمی او دراهم مسماة توضع علیهم مختلفاً. فیه دخل علی السلطان وعلی بیت المال وفیه مثل ذلک علی اهل الخراج بعضهم من بعض اما وظیفة الطعام فان کان رخصافا حشاً لم یکتف السلطان بالذی وظف علیهم ولم یطب نفساً بالحط عنهم ولم یقوابذلک الجنود ولم تشحن به الثغور، واما غلاء فاحشاً لا یطیب السلطان نفساً بترک ما یستفضل اهل الخراج من ذلک.** (۳۵)

(ان باتوں پر غور کرنے کے بعد) اب میں نے یہ رائے قائم کی ہے کہ محصول کے طور پر غلہ کی کوئی متعین مقدار یا درہموں کی کوئی متعین تعداد مختلف شرحوں کے ساتھ ان پر عائد کرنا سلطان اور بیت المال کے لیے نقصان کا باعث ہوگا۔ یہ شکل خراج ادا کرنے والی رعایا کے باہمی معاملات کے لیے بھی مضر ہوگی۔

جہاں تک متعین مقدار غلہ کی شکل میں خراج عائد کرنے کا سوال ہے تو اگر غلہ بہت زیادہ

---

۳۵۔ ابو یوسف، الخراج/۵۲

☆ جب حقوق باہم متعارض ہوں تو ان میں جس کا وقت تنگ ہو اسے ترجیح حاصل ہوگی ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ستا ہوا تو سلطان اس مقدار کو کافی نہیں سمجھے گا جو ان پر عائد کی گئی ہے اور نہ وہ بطیب خاطر اس تخفیف کو گوارا کرے گا۔ ان (تھوڑے محاصل) کے ذریعہ فوجوں کی ضروری قوت نہ بہم پہنچائی جا سکے گی اور سرحدوں پر فوجی چوکیوں کا قیام و انتظام ٹھیک طرح نہ ہو سکے گا۔ اگر غلہ بہت زیادہ گراں ہوا تو خراج ادا کرنے والوں کو مقدار مقررہ زیادہ معلوم ہوگی لیکن سلطان کو اس میں تخفیف گوارا نہیں ہوگی۔

نظام المساحۃ کی ایک اور خراج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام ابو یوسف رقمطراز ہیں:

> **واما ما يدخل على اهل الخراج فيما بينهم فلا بدلها تين الطبقتين من مساحة اوطرادة واى ذلک كان غلب عليه اهل القوة اهل الضعف و استاثروا به وحملوا الخراج على غير اهله وعلى الانكار مع اشياء كثيرة تدخل فى ذلک لولا ان تطول لفسر تها.(۳۶)**
>
> (غلہ کی مقررہ مقدار یا دراہم کی متعینہ تعداد وصول کرنے کی شکل میں) خراج ادا کرنے والوں کو ایک دوسرے سے جو نقصان پہنچتا ہے اس کی نوعیت یہ ہے کہ ان محاصل کی تحصیل کے لیے (کھیتوں کی) پیائش یا کسی اور طرح کے نشانات قائم کرنا ناگزیر ہوگا۔ ان میں سے جو شکل بھی اختیار کی جائے، طاقت ور لوگ کمزوروں پر مسلط ہو جائیں گے۔ یہ کام خود اپنے ہاتھ میں لے لیں گے اور خراج کا بار ان لوگوں کے سر ڈال دیں گے جن پر اس کا بار نہیں پڑنا چاہیے۔ باوجود ان کے احتجاج و انکار کے ایسا ہی ہوگا۔ اس کے علاوہ اس سلسلہ میں اور بہت سی قابل توجہ باتیں سامنے آتی ہیں۔ اگر طوالت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان سب کو وضاحت سے بیان کرتا۔

ان مندرجہ بالا اقتباسات سے امام ابو یوسفؒ کے معاشی افکار کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں:

(۱) حضرت عمرؓ کے دور میں نظام المساحہ، زمین کی حالت کے مطابق درست تھا۔ اس طریقہ سے

---

(۳۶) ابو یوسف الخراج ۵۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کاشتکاروں میں زیادہ محنت اور عمل کا جذبہ پیدا ہوا۔ زمین کی آبادکاری میں اضافہ ہوا۔ اشیاء کی قیمتیں کم ہوئیں۔

(۲) حضرت عمرؓ کے دور کے اقتصادی حالات اب بدل چکے ہیں۔ کچھ اراضی نمکینی اور کم محنت کی وجہ سے خراب ہو چکی ہیں۔ اس دور میں آباد زمینیں زیادہ تھیں اور ایسی زمینیں کم تھیں جن پر کاشت نہیں کی جا رہی ہو۔ لیکن اب ایسی کارآمد زمینیں زیادہ ہیں جن پر کاشت کی جا رہی ہے۔ اس لیے حالات میں تبدیلی کا تقاضا یہ ہے کہ نظام میں بھی تبدیلی کی جائے۔

(۳) زرعی زمینوں پر متعین مقداروں میں محصول عائد کرنا عدل کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا۔ یہ طریقہ سلطان اور کاشتکار دونوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ فرض کریں کہ محصول غلہ کی ایک متعین مقدار کی شکل میں عائد کیا گیا ہے۔ اب غلہ کی قیمت میں کمی ہوگی یا اضافہ ہوگا۔ اگر قیمت میں کمی واقع ہوئی تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ سلطان کو جو کچھ وصول ہوگا اس کی فروخت سے اس کو اس سے کم آمدنی ہوگی جو غلہ کے سستا ہونے سے پہلے ہوئی تھی۔ چونکہ ریاست کے اخراجات مثلاً فوجیوں کی تنخواہیں، سرحدی چھاؤنیوں کی تعمیر وغیرہ نقد رقوم کے ذریعے پورے کیے جاتے ہیں لہٰذا آمدنی میں کمی سے یہ ذمہ داریاں پوری نہ ہو سکیں گی۔ اگر غلہ کی قیمت میں اضافہ ہوگا تو اس صورت میں کاشتکاروں کو غلہ کی ایک متعین مقدار دینا گراں گزرے گا۔

(۴) اگر خراج نقدی کی صورت میں متعین ہوگا تو اس کے نتائج حکومت اور کاشتکار دونوں کے لیے نقصان دہ ہوں گے۔ قیمتیں بلند ہونے کی صورت میں حکومت اور مزارعین دونوں کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اس طرح قیمتوں کے بڑھنے اور کم ہونے کی صورت میں نظام المساحہ مناسب نہیں ہے۔ یہ نظام حکومت اور کاشتکار دونوں کے حقوق چھیننے والا ہے۔

(۵) یہ نظام عنقریب کاشتکاروں کے مابین ایک دوسرے پر ظلم کرنے کا سبب بنے گا۔ قوی لوگ کمزوروں پر ظلم کریں گے۔ زراعت کے شعبہ میں تمام ممکنہ فوائد وہ حاصل کر لیں گے جبکہ کمزوروں کے لیے کچھ نہیں چھوڑیں گے۔ خراج کا سارا بوجھ کمزوروں پر ڈال دیا جائے گا اور کاشتکاروں کے درمیان جھگڑے وفسادات بڑھ جائیں گے۔

☆ من استعجل الشئ قبل اوانہ عوقب بحرمانہ ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## محمد بن الحسن الشیبانیؒ

محمد بن الحسن الشیبانیؒ نے بھی معاشی امور پر بحث کی ہے۔ وہ اپنی کتاب ''الاکتساب فی الرزق المستطاب میں ''کسب'' کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''الاکتساب فی عرف اللسان تحصیل المال بما یحل من الاسباب''(۳۷)

امام محمد نے ''الکسب'' کی اہمیت پر بھی بحث کی ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ جس طرح ایک مسلمان کے لیے نماز روزہ کی پابندی ضروری ہے، اسی طرح حلال ذرائع سے اکتساب مال کے لیے جدوجہد کرنا بھی فرض ہے۔(۳۸)

آپ نے بعض لوگوں کے اس نظریہ کی تردید کی ہے کہ ''کسب'' ''توکل'' کے منافی ہے۔ اور صرف ناگزیر ضرورت کے تحت ہی معاشی جدوجہد کرنی چاہیے۔ اور اس کے علاوہ حرام ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

وقال قوم من جهال اهل التقشف و حماقی اهل التصوف. ان الكسب حرام لايحل الا عند الضرورة بمنزلة تناول الميتة، و قالوا ان الكسب ينفي التوكل على الله اوينقص منه وقد امرنا بالتوكل قال تعالى "فتوكلوا ان كنتم مومنين. فما يتضمن نفي التوكل يكون حراما. والدليل على انه ينفي التوكل قوله صلى الله عليه وسلم لو توكلتم على الله حق التوكل لرزقكم كما يرزق الطير تغدو خماصاً و تروح بطاناً و قال تعالى وفي السماء رزقكم وما تو عدون. وفي هذا حث على ترك الاشتغال بالكسب، وبيان ان ما قدرله من الموعود ياتيه لا محالة وقال عزوجل وامر اهلك بالصلاة واصطبر عليها لانسالك رزقا. نحن نرزقك والعاقبة للتقوى. والخطاب وان كان لرسول الله

---

(۳۷) الشیبانی، محمد بن الحسن الاکتساب فی الرزق المستطاب، دمشق مطبعۃ الانوار، ۱۹۳۸ء/۳۲

(۳۸) ایضاً/۳۴



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صلی اللہ علیہ وسلم فالمراد منہ امتہ فقد امرو بالصبر والصلاۃ و ترک الاشتغال بالکسب وبطلب الرزق۔(۳۹)

امام محمد مزید لکھتے ہیں:

والدلیل علیہ ان اللہ تعالیٰ امر بالانفاق علی العیال من الزوجات والاولاد و المعتدات. ولا یتمکن من الانفاق علیھم الابتحصیل المال بالکسب۔(۴۰)

امام محمد لکھتے ہیں کہ ”کسب“ کی چار اقسام ہیں:

(الف) اجارہ

(ب) تجارت

(ج) زراعت

(د) صنعت وحرفت(۴۱)

آپ کا نظریہ یہ ہے کہ تجارت کی نسبت زراعت کو زیادہ اہمیت حاصل ہے کیونکہ انسان کی بنیادی ضروریات زندگی زراعت ہی سے وابستہ ہیں۔(۴۲)

امام محمدؒ نے یہ نظریہ پیش کیا کہ انسان کی معاشی حاجات (Economic demands) بہت زیادہ ہیں اس لیے اقتصادی ترقی کے لیے تقسیم عمل کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ہر انسان کو جہاں اپنی معاشی حاجات پوری کرنی ہوتی ہیں وہاں دوسرے انسانوں کی حاجات بھی اس سے وابستہ ہوتی ہیں۔ اس لیے انسان معاشرہ میں ہی زندگی گزار سکتا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

وقدرلھم المعاش باسباب فیھا حکمۃ بالغۃ، یعنی ان کل احد لایتمکن من تعلم جمیع مایحتاج الیہ فی عمرہ، فلواشتغل بذالک فی عمرہ قبل ان یتعلم لایمکنہ ان یحصلہ لنفسہ، وقد تعلق بھذا مصالح المعیشۃ لھم، فیسر اللہ تعالیٰ علی کل واحد منھم تعلم نوع من ذلک حتی یتوصل الی مایحتاج الیہ منہ

---

(۳۹) الشیبانی، محمد بن الحسن الاکتساب فی الرزق المستطاب، دمشق مطبعۃ الانوار، ۱۹۳۸م/ ۳۷

(۴۰) ایضاً/ ۴۶-۴۷ (۴۱) ایضاً/ ۶۳ (۴۲) ایضاً/ ۶۵



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ذلک النوع بعمله ويتوصل غيره الى مايحتاج اليه من ذلک بعمله ايضا واليه اشار رسول الله صلى عليه وسلم فى قوله المومنون كالبنيان يشد بعضه بعضاً وبيان هذا فى قوله تعالىٰ ورفعنا بعضهم فوق بعض درجات. الاية، يعنى ان الفقير يحتاج الى مال الغنى، والغنى، يحتاج الى عمل الفقير، فهنا الزارع يحتاج الى عمل النساج ليحصل اللباس لنفسه، والنساج يحتاج الى عمل الزارع لتحصيل الطعام، والقطن الذى يكون منه اللباس لنفسه، ثم كل واحد منهما يقيم من العمل مايكون معينالغيره. (۴۳)

## یحییٰ بن آدم القرشی

معاشیات پر یحییٰ بن آدم القرشیؒ کی کتاب کا نام ''کتاب الخراج'' ہے۔ آپ نے اس کتاب میں خراج کے مختلف مسائل سے متعلق احادیث وآثار کو اپنی سند کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔ آپ زکوٰۃ، عشر خراج، جزیہ غنیمت، فئے اور زمین کے متعلق مسائل بیان کرتے ہیں۔ کتاب الخراج میں ایک جگہ لکھتے ہیں:

قال يحييٰ: وسالت ابا اياس فقال البعل والعشرى والعذى، هوالذى يسقى بماء السماء قال يحييٰ واذا كانت الارض يسقى بعضها فتحاً ويسقى بعضها بالغرب فيخرج فيها كلها خمسة اوساق، فانه يزكى بالحصة ما سقى فتحاً فالعشر، وما سقى بالغرب فنصف العشر والعشرى ما يزرع بالسحاب والمطر خاصة، ليس يسقى الابما يصيبه من المطر، فذلک العشرى، والبعل ما كان من الكروم، قد ذهب عروقة فى الارض الى الماء فلا يحتاج الى السقى الخمس سنين والست، يحتمل ان يترک

(۴۳) الشیبانی، محمد بن الحسن الاکتساب فی الرزق المستطاب، دمشق مطبعۃ الانوار، ۱۹۳۸م/ ۷۵۔۷۶

☆ ثواب کا دارومدار نیت پر ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



السقی فهذا البعل، والسیل ماء الوادی اذا سال، فاما الغیل فهو سیل دون السیل الکبیر، اذا سال القلیل بالماء الصافی فهو الغیل، والعذی ماء المطر. (۴۴)

یحییٰ نے کہا، میں نے ابوایاس سے سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ بعل عشری اورعذی وہ زراعت ہے جس کی سینچائی بارش سے ہو، اور جب مزروعہ زمین کا کچھ نالی سے اور کچھ حصہ ڈول سے سینچا جائے اور اس سے کل پانچ وسق پیداوار ہوتو جو حصہ نالی سے سینچا جائے اس میں عشر ہے اور جو حصہ ڈول سے سینچا جائے اس میں نصف عشر ہے۔ اور عشری وہ زراعت ہے جو خاص طور سے بارش کے پانی سے بوئی جائے اس کو عشری کہتے ہیں اور بعل؟ کی وہ بیل ہے جس کی جڑیں زمین میں پانی تک پہنچ جائیں جس کی وجہ سے پانچ چھ سال تک سینچائی کی ضرورت نہ پڑے بلکہ یوں ہی چھوڑ دی جائے۔ اس کو بعل کہتے ہیں اور سیل (سیلاب) وادی کا پانی ہے جب بہتا ہو اور غیل بڑے سے کم سیل ہے جب کہ اس کا صاف ستھرا پانی تھوڑا بہتا ہو۔ اور عذی بارش کا پانی ہے۔

یحییٰ بن آدمؒ کی یہ تحقیق کئی علماء ومحدثین نے اپنی کتب میں درج کی ہے۔

اس کے علاوہ انہوں نے وسق اور صاع کے متعلق محققانہ روایات درج کی ہیں۔ نیز بعض ایسی نادر باتیں بیان کی ہیں جو اور کتابوں میں نہیں ملتی ہیں۔ مثلاً باب "ماسقت السماء اوسقی بغوب" کے آخر میں لکھتے ہیں:

فیما بین مکة والیمن مواضع یذرعون فی السنة مرتین، قالوا! نزرع حین تسقط الثریا، فیحصدونه ویفرغون منه الی خمسة اشهر ونحوها، ثم یذرعون عند طلوع مرزم الجوزاء وهوا الشعری، ویزرعون العلس وهو حنطة حب صغار فی اکمامه فی

---

(۴۴) یحییٰ بن آدم القریشی، کتاب الخراج (تصحیح وتعلیق، احمد محمد شاکر) لاہور، المکتبة العلمیة طبع ۱۳۹۵ھ/۱۴۶



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**كل كمه حبتان ويزرعون المابية حب ايضاً صغار حنطة، ويزرعون السلت، وهو شعير الا انه ابيض صغار و ليس له قشور، ومنه اخصر، ويزرعون الزرة وهو حب مثل الحنطة الا انه يوكل كما يوكل الارز، ومنهم من يخبزه كما يخبز الا رزايضاً.(۴۵)**

مکہ اور یمن کے درمیان کچھ ایسے مقامات ہیں جہاں کے لوگ سال میں دو مرتبہ کاشت کرتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ ہم لوگ ایک فصل ثریا کے ڈوب جانے کے بعد بوتے ہیں اور تقریباً پانچ ماہ میں اس کی کٹائی وغیرہ سے فارغ ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد دوسری فصل مرزم جوزا یعنی شعریٰ کے طلوع پر بوتے ہیں۔ اس میں علس، مابیہ، سلت اور زرہ کی کاشت کرتے ہیں۔ علس چھوٹے دانے کا گیہوں ہے جس کے ہر چھلکے میں دو دانے ہوتے ہیں۔ مابیہ بھی چھوٹے دانے کا گیہوں ہے۔ سلت چھوٹے دانے کا سفید جو ہوتا ہے۔ جس میں چھلکا نہیں ہوتا۔ اس کی ایک قسم سبزی ہوتی ہے۔ اور ذرہ (مکئی) گیہوں کے مانند ایک دانہ ہے جو چاول کی طرح پکا کر کھایا جاتا ہے۔ بعض لوگ چاول کی روٹی کی طرح اس کی بھی روٹی بناتے ہیں۔

## ابوعبید القاسم بن سلامؒ

ابوعبید القاسم بن سلامؒ نے ''کتاب الاموال'' میں زکوۃ، عشر، جزیہ اور معدنیات پر خمس کے بارے میں ان کی جزئیات تک بحث کی ہے۔ امام ابوعبید القاسمؒ فرماتے ہیں اہل عراق دراصل عشور (تجارت کے سامان پر چنگی) کو زکوۃ سے مشابہ قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ عشور کو زکوۃ نہیں کہا جاسکتا کیونکہ زکواۃ تو سال گزرنے کے بعد وصول کی جاتی ہے جبکہ عشور نیا سامان درآمد و برآمد کرنے پر بغیر سال گزرے وصول کیا جاتا ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک سفیان کا قول سب

(۴۵) یحیٰی، الخراج / ۱۴۷



rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے زیادہ مبنی بر عدل اور حضرت عمرؓ کے منشاء سے زیادہ مشابہ ہے۔(۴۶)

ابو عبید جزیہ اس معاوضہ کو کہتے ہیں جو ذمیوں سے طے شدہ شرائط کے مطابق وصول کیا جائے، اور جس کی وجہ سے ان کا قتل رک جاتا ہے اور ان کے اموال کی حرمت ہو جاتی ہے۔ آپ کے نزدیک جزیہ صرف بالغ مردوں سے لیا جائے گا۔ عورتوں اور بچوں سے نہیں لیا جائے گا۔(۴۷)

ابو عبید جزیہ میں لی جانے والی رقم کی کوئی حد متعین نہیں کرتے وہ اس کے تعین کی ذمہ داری اسلامی حکومت کے سربراہ پر ڈالتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس ضمن میں چند اصولوں کو پیش نظر رکھنا ہوگا۔ مثلاً جزیہ ذمیوں کی طاقت برداشت کے مطابق مقرر کیا جائے۔(۴۸)

ابو عبیدؒ کے نزدیک حضرت عمرؓ نے جن زمینوں پر خراج لیا تھا وہ گویا زمین کا کرایہ تھا۔ آپ خراج کو زمین کے کرایہ سے مشابہ قرار دیتے ہیں۔ کیونکہ خراج ان زمینوں کی آمدنی کا نام ہے جو مسلمانوں کی اجتماعی ملکیت (فیئ) قرار پائی ہیں۔ عموماً ان زمینوں پر وہی غیر مسلم لوگ کام کرتے ہیں جو پہلے سے وہاں آباد ہوتے ہیں۔(۴۹)

ابو عبید اقطاع (جاگیر) کے بارے میں کہتے ہیں ''میرے نزدیک اقطاع انہی زمینوں میں جائز ہے جو غیر آباد اور بے کار ہوں یا پرانے زمانہ میں کاشت ہو چکنے کے بعد اب پھر غیر کاشت حالت میں باقی رہ گئیں ہوں اور ان پر کوئی آباد نہ رہا ہو۔ اور اس زمین کے متعلق فیصلہ کرنے کا اختیار امام کو حاصل ہو جائے۔ نیز یہ لفظ ہر ایسی زمین پر بھی مشتمل ہے جسے کسی نے آباد نہ کیا ہو اور نہ وہ کسی مسلمان کی ملکینت میں ہو نہ معاہد کی۔(۵۰)

ابو عبید نے اپنے دور میں رائج ناپ تول کے پیمانوں مثلاً صاع، رطل وغیرہ کی مقدار کی تحقیق بھی کی ہے۔ انہوں نے کتاب الاموال کے باب ۴۷ میں اس موضوع پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔

اس کے علاوہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کے متعدد ایسے خطوط اور خطبے نقل کیے ہیں جن سے معاشی نکات اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

## قدامہ بن جعفر الکاتبؒ

قدامہ بن جعفر الکاتبؒ کی مشہور کتاب ''الخراج وصناعۃ الکتابۃ'' ہے۔ انہوں نے یہ کتاب

---

(۴۶) ابو عبید، القاسم بن سلام، کتاب الاموال (مترجم عبدالرحمٰن طاہر سورتی) ۲/۳۰۴

(۴۷) ایضاً ۱/۱۵۷ (۴۸) ایضاً س۱۶۲ (۴۹) ایضاً /۲۰۲ (۵۰) ایضاً /۴۱۹

☆ درء المفاسد اولیٰ من جلب المصالح ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس وقت تحریر کی جب وہ محکمہ مال کے مختلف عہدوں پر تقریباً بیس سال تک کام کر چکے تھے۔(۵۱) اس کتاب میں قدامہ نے مالی نظام پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ، ہر ضلع سے وصول ہونے والے مالیے کی رقم بھی تحریر کی ہے۔ سواد عراق کے مختلف علاقوں سے حاصل ہونے والی آمدنیوں کا مفصل گوشوارہ دیا ہے۔ کن کن اشیاء پر ٹیکس لگایا جاتا تھا اور مختلف شہروں سے ٹیکس کے طور پر کتنی رقم اور اشیاء وصول ہوتی تھیں۔ اس بارے میں قدامہ بن جعفرؒ نے کافی معلومات مہیا کی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قدامہ بن جعفر نے عباسی سلطنت کے ہر علاقہ کی دولت و ثروت کا ایک خوبصورت نقشہ کھینچا ہے۔(۵۲)

قدامہ بن جعفر نے، ابن خردازبہ کی کتاب المسالک والممالک ابوعبید کی کتاب الاموال، اور یحییٰ بن آدمؒ کی ''کتاب الخراج'' سے بھی استفادہ کیا ہے۔(۵۳)

انہوں نے جزیہ، خراج، فئے اور غنیمت وغیرہ مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ نیز ملکی سکوں کے بارے میں کافی معلومات دی ہیں۔

## ابو محمد علی بن احمد ابن حزمؒ

ابو محمد علی بن احمد ابن حزمؒ نے کفالت عامہ کا ایک واضح اور جامع تصور پیش کیا ہے۔ بالخصوص ہنگامی حالات میں ابن حزم نے حاکم کو اختیار دیا ہے کہ اگر غریب طبقہ کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہو رہی ہوں تو وہ ان محروم المعیشت افراد کی کفالت کے لیے جبراً بھی لے سکتا ہے۔(۵۴) وہ کہتے ہیں کہ ہر شخص کو ضروریات زندگی کم سے کم اس معیار کی فراہم ہونی چاہیے۔

(الف) غذا: ایسی غذا جو ان کی زندگی اور ضروریات کارکردگی کے لیے ناگزیر ہو۔

(ب) لباس: ایسا لباس جو کہ گرمی وسردی میں صحت وقوت کو برقرار رکھے۔

(ج) مکان: ایسا مکان جو بارش اور گرمی کے برے اثرات سے انہیں محفوظ رکھے اور راستوں پر چلنے والوں کی نظروں سے ان کی خلوت کی پردہ داری ہو سکے۔(۵۵)

---

(۵۱) رفاعی، طلال جمیل الدکتور، مقدمہ، المنزلۃ الخامسۃ من کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ مکۃ المکرمۃ، مکتبۃ الطالب الجامعی، الطباعۃ الاولی ۱۴۰۷ھ/۱۳

(۵۲) دیکھئے، قدامۃ بن جعفر الکاتب، نبذ من کتاب الخراج و صنعۃ الکتابۃ لیدن، مطبع بریل ۱۳۰۶ھ

(۵۳) الزبیدی، محمد حسین، شرح وتحقیق کتاب الخراج وصناعۃ الکتابۃ بغداد، وزارۃ الثقافۃ والاعلام، الطبعۃ الاولی ۱۹۸۱/۱۲

(۵۴) ابن حزم، ابومحمد علی ابن احمد بن سعید، المحلی (تحقیق لجنۃ احیاء التراث العربی) بیروت، منشورات دارالافاق الجدیدۃ ۱۵۶/۶ (۵۵) ایضاً

ماجاز لعذر بطل بزوالہ ☆ جس کا استعمال عذر کی وجہ سے جائز ہو عذر ختم ہوتے ہی جواز بھی ختم ہو جائے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گردش دولت جو قرآن کا منشاء ہے اور کسی ملک کی معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ اس کا واضح اور جامع تصور ابن حزمؒ کے افکار میں ملتا ہے۔ ابن حزم کا نظریہ یہ ہے کہ دولت چند ہاتھوں میں مرتکز نہیں ہونی چاہیے بلکہ معاشرہ کے زیادہ سے زیادہ افراد میں تقسیم ہو۔ مثلاً غیر وارث اقارب کے سلسلے میں دیگر فقہاء وصیت کی فرضیت کو نہیں مانتے لیکن ابن حزم کا موقف یہ ہے کہ وصیت غیر وارث اقارب کے لیے فرض ہے۔ وصیت کنندہ کو چاہیے کہ اتنے مال میں وصیت کرے جس سے اس ثابت شدہ فریضے کی تکمیل ہو جائے۔ چونکہ ان کے نزدیک وصیت واجبہ کا ترک ظلم کے مترادف ہے اس لیے یہ کام حاکم یا قاضی کے سپرد ہوگا کہ وہ وصیت کے نافذ کی نگرانی کرے یا عدم وصیت کی صورت میں متاثرین کو ان کے حقوق دلائے۔(۵۶)

مصری حکومت نے ابن حزم کے اس نظریہ کی روشنی میں یتیم پوتے کی میراث کا قانون بنایا ہے۔ اس طرح مصری قانون نمبر ۷۱ مجریہ ۱۹۴۶ء کی دفعات نمبر ۷۹-۷۶، ابن حزمؒ کی کتاب "المحلی" سے ماخوذ نظر آتی ہیں۔

میت کے ترکہ میں سے جتنے حقوق وابستہ ہیں، ابن حزمؒ ان میں حقوق اللہ مثلاً حج اور کفارہ وغیرہ کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ خداوندی حقوق میت کی تجہیز و تکفین سے بھی مقدم ہیں۔(۵۷)

ترکہ کی تقسیم کے وقت اگر یتیم و مسکین جمع ہوں تو انہیں کچھ نہ کچھ دے دینا چاہیے۔ دیگر فقہا یہی رائے رکھتے ہیں۔ لیکن ابن حزم کی رائے میں یہ عطیہ اختیاری نہیں بلکہ وجوبی ہے۔ لہٰذا اگر ورثاء دینے سے انکار کریں تو حاکم ان سے جبراً دلائے۔ وہ کہتے ہیں کہ ترکہ کی مالیت اور حصص کے اعتبار سے حاکم، یتامیٰ و مساکین کے حصے کا تعین کر سکتا ہے۔(۵۸)

ابن حزمؒ کے معاشی افکار میں محنت کش طبقہ کے حقوق کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام کی چیرہ دستیوں اور مظالم سے مزدور کو محفوظ رکھنے کے لیے ابن حزم کے افکار میں بہت کشش ہے۔ مثلاً وہ دیگر فقہاء کی رائے کے برعکس اجیر مشترک اور اجیر خاص میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ ان کے نزدیک دونوں سے نقصان ہونے کی صورت میں کسی قسم کا تاوان نہیں لیا جائے گا۔

---

(۵۶) ابن حزم، ابو محمد علی ابن احمد بن سعید، المحلی (تحقیق لجنۃ احیاء التراث العربی) بیروت، منشورات دار الآفاق الجدیدۃ ۹/۳۱۶ (۵۷) ایضاً ۹/۲۵۳ (۵۸) ایضاً ۳۱۰، ۳۱۱

☆ الحکم یتبع المصلحۃ الراجحۃ ☆ حکم مصلحتِ راجحہ کے تابع ہوا کرتا ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ابن حزم رحمہ اللہ "المحلی" میں لکھتے ہیں:

**ولاضمان علی اجیر مشترک او غیر مشترک ولا علی صانع اصلا الا ماثبت انه تعدی فیه او اضاعه والقول فی کل ذلک مالم تقم علیه بینة قوله مع یمینه۔(۵۹)**

اور اجیر مشترک ہو یا خاص یا کاریگر ہو اس پر مال میں نقصان ہو جانے یا ہلاک ہو جانے سے کوئی تاوان نہیں آتا تاوقتیکہ اس کا ارادی قصور یا ضائع کر دینا ثابت نہ ہو اور ان تمام امور میں جب تک اس کے خلاف گواہ موجود نہ ہوں اس اجیر کا قول معتبر ہے قسم کے ساتھ۔

## ابو حامد محمد بن محمد الغزالیؒ

ابو حامد محمد بن محمد الغزالی نے درج ذیل کتب میں معاشی موضوعات پر بحث کی ہے۔

(الف) احیاء علوم الدین — بیروت: دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر

(ب) میزان العمل (تحقیق الدکتور سلیمان بدنیا) القاہرہ نشر دار المعارف

(ج) شفاء العلیل — بغداد، نشر دار الارشاد

(د) المستصفی من علم الاصول — بیروت: نشر دار احیاء التراث العربی

(ر) کتاب الاربعین فی اصول الدین — القاہرہ، نشر المکتبۃ التجاریۃ الکبری

(ز) الاقتصاد فی الاعتقاد — بغداد، نشر دار الارشاد

امام غزالیؒ، انسان کی بنیادی ضروریات پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

**وسبب کثرة الاشغال هو ان الانسان مضطرالی ثلاث القوت والمسکن، والملبس.(۶۰)**

مزید لکھتے ہیں:

**فالقوت للغذاء والبقاء والملبس لدفع الحر والبرد والمسکن**

---

(۵۹) ابن حزم، ابو محمد علی ابن احمد بن سعید، المحلی (تحقیق لجنة احیاء التراث العربی) بیروت، منشورات دار الافاق الجدیدة ۲۰۱/۸

(۶۰) الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد، احیاء علوم الدین، بیروت، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر ۲۲۵/۳

☆ جلب مصلحت کی نسبت مفاسد کو دور کرنا زیادہ بہتر ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لدفع الحر والبرد ولدفع اسباب الهلاک عن الاهل والمال.((٦١))

امام غزالیؒ پہلے مسلم ماہر معاشیات ہیں جنہوں نے بجٹ کا تخیل پیش کیا۔ وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ آمدنی اور خرچ کی مدوں کا الگ الگ حساب رکھا جائے۔ وہ آمدنی کی مدوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے انہیں تین اقسام، حلال، حرام اور مشکوک میں تقسیم کرتے ہیں۔ وہ اخراجات میں بچت اور کمی کرنے پر بھی زور دیتے ہیں۔ اور واضح کرتے ہیں کہ خلیفہ عوام سے حاصل کردہ رقم کو ذاتی استعمال میں نہیں لاسکتا بلکہ صرف مفاد عامہ کے کاموں پر ہی خرچ کر سکتا ہے۔((٦٢))

آپ نے احیاء علوم الدین میں معاشیات کے پانچ اصول پیش کیے ہیں جو آج بھی ہمارے انفرادی اور اجتماعی معاشی پروگرام کی اصلاح کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں:

مال کے اصل مقصود کو پہچانا جائے کہ یہ کس لیے تخلیق کیا گیا ہے اور اس کی حاجت کیوں ہوتی ہے۔ (اس طرح انسان بقدر حاجت کسب معیشت کرے گا اور مال کو جمع کرنے کے لالچ سے محفوظ رہے گا۔) یہ کہ آمدنی کے ذریعہ کا خیال رکھے (اس طرح حرام مال سے بچے گا اور رزق حلال کی کوشش کرے گا۔) یہ کہ مقدار معیشت کو ملحوظ رکھے (یعنی مقدار حاجت کے مطابق اور حاجت تین چیزوں کی ہوتی ہے۔ روٹی، کپڑا اور مکان۔) خرچ کا لحاظ رکھے (یعنی فضول خرچی اور بخل سے پرہیز کرتے ہوئے اعتدال اور میانہ روی اختیار کرے۔ یہ کہ مال کے لینے اور چھوڑنے میں نیت درست رکھے (یعنی جو مال حاصل کرے اس میں نیت عبادت پر استقامت کی ہو حرص دنیا کی نہ ہو اور جو ترک کرے اس میں زہد اور مال کی حقارت کی ہو نہ کہ افسوس اور ملال کی ہو۔)((٦٣))

## ابوالفضل جعفر ابن علی الدمشقیؒ

ابوالفضل جعفر ابن علی الدمشقیؒ نے اپنی کتاب "الاشارة الی محاسن التجارة" میں معاشی فکر پیش کیا ہے۔ مال کے خصائص بیان کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں:

والاموال کلها نافعة لاهلها اذا دبرت کما یجب و بعضها افضل

---

(٦١) الغزالی، ابوحامد محمد بن محمد، احیاء علوم الدین، بیروت، دار المعرفة للطباعة والنشر ٣/٢٢٥
(٦٢) الغزالی، ابوحامد محمد بن محمد، میزان العمل (تحقیق، الدکتور سلیمان دنیا) القاہرہ، الناشر دار المعارف ١٣٢٤ء
(٦٣) الغزالی، احیاء علوم الدین جلد سوم

☆ یکرہ الایثار بالقرب ☆ عبادت میں ایثار مکروہ ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



من بعض، تختلف باختلاف احوال الزمان، وبحكم ماهي عليه منه صفا تها المكروهة او المحبوبه واحوالها المحمودة اوالمذمومة.(۶۴)

ابوالفضل الدمشقی کی رائے یہ ہے کہ انسان کی حاجات بہت زیادہ ہیں اور ان کی تکمیل کے لیے اسے معاشی جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

ولما كان الانسان من بين سائر الحيوان كثير الحاجات فبعضها ضرورية طبيعية وهي كونه محتاجاً الى منزل مبني و ثوب منسوج و غذا مصنوع...... وحاجته عند المرض الى ادوية.(۶۵)

ان کا نظریہ یہ ہے کہ معاشی ضروریات کی تکمیل کے لیے ہر انسان دوسرے کا محتاج ہے۔ یعنی وہ تقسیم کا نظریہ پیش کرتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

وكل واحد من هذه الحاجات يحتاج الى انواع من الصناعات حتى تتكون ثم حتى تتم كما يفعل في التبات و حاجته ان يزرع اور يغرس ثم ينقى ثم يسقى ويربى ثم يحصد ثم يحتاج الى صناعة اخرى تكون تمام ارانتفاع به كحاجة القمح بعد حصاده الى الدرس، والغربلة، والتنقية والطحن والنخل والعجن والخبز، حتى يصلح ان يتغذى به... ولم يمكن الواحد من الناس لقصر عمره ان يتكلف جميع الصناعات كلها، وان كان فيه احتمال لتعلم كثير منها فليس يقدر على جمعها كلها البتة (ابداً) حتى يحيط بها من اولها الى آخرها علما، ولان الصناعات مضموة بعضها الى بعض كالبناء يحتاج الى النجار، والنجار يحتاج الى الحداد، و صناع الحديد يحتاجون الى صناعة اصحاب المعادن؟ وتلك الصناعات تحتاج الى البناء

---

(۶۴) ابوالفضل الدمشقی، جعفر بن علی، الاشارة الی محاسن التجارة (تحقیق البشری الشوربجیی) القاهرة، مکتبة الکلیات الازهریة ۱۹۷۷ء/۱۹ (۶۵) ایضاً/۲۰

☆ ما حرم اخذہ حرم اعطاؤہ ☆ جس چیز کا لینا حرام ہے اس کا دینا بھی حرام ہے۔☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فاحتاج الناس لهذه العلة الى اتخاذ المدن والاجتماع فيها ليعين بعضهم بعضاً لما لزمتهم الحاجة الى بعضهم بعضاً. (٦٦)

## عبدالرحمٰن بن محمد، ابن خلدونؒ

عبدالرحمٰن بن محمد، ابن خلدونؒ کی تصانیف میں ''مقدمہ ابن خلدون'' کو ایک نمایاں اور منفرد مقام حاصل ہے۔ یہ تاریخ کی بجائے تاریخ کے فلسفہ پر مشتمل ہے۔ ابن خلدون نے مقدمہ کے پانچویں باب میں بتیس (۳۲) طویل فصول صرف ''المعاش'' کے لیے مخصوص کی ہیں۔

تمام مسلم ماہرین معاشیات میں ابن خلدون کا مقام اس لحاظ سے بڑھ جاتا ہے کہ انہوں نے جدید معاشیات کے اہم موضوعات پر بھی بحث کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خود مغربی مفکرین نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ ابن خلدون کا کام ہیوم (Hume) لاک (Locke) ایڈم سمتھ (Adam Smith) اور کارل مارکس (Carl Marks) سے زیادہ بہتر ہے (٦٧) ابن خلدون کے بعض نظریات اس قدر ترقی یافتہ ہیں کہ اگر ان کا شمار معاشیات کے بانیوں میں کیا جائے تو یہ غلط نہ ہوگا۔ معاشیات کے موضوع پر ابن خلدون کی بحثیں اس قدر جامع اور پرمغز ہیں کہ جدید دور کے ماہرین معاشیات ان کے تلامذہ نظر آتے ہیں۔ ابن خلدون نے جدید معاشیات کے جن موضوعات پر بحث کی ہے وہ درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| (۱) معاشیات کی تعریف اور نفس مضمون | Definition and subject matter of Economics |
| (۲) معاشیات کا دوسرے سائنسی مضامین سے تعلق | The relation of economics to other sciences |
| (۳) دولت اور اس کے معاشرتی و انفرادی پہلو | Wealth and its social and individual aspects |
| (۴) حصول دولت | Acquisition of wealth |
| (۵) روپیہ اور اس کی خصوصیات | Money and its characteristics |
| (۶) آزادانہ تجارت اور معاشی تجارت | Free goods and economic goods |
| (۷) طلب و رسد کی قوتیں اور قیمتوں پر ان کے اثرات | Forces of demand and supply and their effects on prices |

---

(٦٦) ابوالفضل الدمشقی، الاشارۃ/۲۱

(٦٧) His life and work. lahore, Sh.M.Ashraf, Ibn Khaldun, Enan M.A. 1946 Repri[illegible]y

☆ العادة محكمة ☆ عادت کو حکم بنایا گیا ہے یعنی فیصلہ عرف کے مطابق ہوگا ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| Interdependence of prices, labour and value | (۸) قیمتوں، محنت اور قدر کا باہمی انحصار |
| Productive and unproductiveoccupations | (۹) پیداوری اور غیر پیداواری پیشے |
| Economic factors affecting the size of population | (۱۰) آبادی پر اثر انداز ہونے والے معاشی عوامل |
| Economic consequences of opresssion | (۱۱) ظلم واستبداد کے معاشی نتائج |
| stages of economic development | (۱۲) معاشی ترقی کے مراحل |
| Rural and urban economic systems | (۱۳) دیہاتی اور شہری معاشی نظام |
| Kinds and economic functions of the state | (۱۴) ریاست کی قسمیں اور اس کے معاشی (فرائض) |
| Rates of taxation | (۱۵) ٹیکسوں کی شرحیں |
| Economic benefits of public expenditure | (۱۶) عوام کے خرچ کرنے کے معاشی فوائد |
| Prices in towns | (۱۷) شہروں میں قیمتیں |
| Localization of industries | (۱۸) صنعتوں کی تحدید |
| Various means of earning livelihood | (۱۹) روزی کمانے کے مختلف ذرائع |
| Trade and its kinds (68) | (۲۰) تجارت اور اس کی قسمیں |
| Exports and imports | (۲۱) برآمدات اور درآمدات |
| Hoarding and monopoly | (۲۲) ذخیرہ اندوزی اور اجارہ داری |
| Technical education | (۲۳) فنی تعلیم |
| Reasons for the development anddecay of industries and main industries of the time | (۲۴) صنعتوں کی ترقی اور زوال کی وجوہات اور اس دور کی بڑی صنعتیں (۶۸) |

ابن خلدونؒ نے ''مقدمہ'' میں قیمتوں (Prices) کو متاثر کرنے والے اسباب پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ وہ اس ضمن میں تین باتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ قیمتوں کو متاثر کرنے والی پہلی چیز حکومت کی پالیسی ہے۔ مثلاً اشیاء پر بھاری ٹیکس عائد ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ان کے نزدیک معاشرتی اسباب بھی قیمتوں کو متاثر کرتے ہیں۔ قدرتی اسباب بھی زمین کی قیمت کو متاثر کرتے ہیں۔ زمین کی گھٹی ہوئی زرخیزی کی وجہ سے جو نقصان ہوتا ہے اس کی تلافی کرنا یا زرخیزی کو برقرار رکھنے کے لیے مختلف مصنوعی طریقوں کو اختیار کرنا

(۶۸) ابن خلدون، مقدمہ، الباب الخامس من الکتاب الاول، تلخیص صفحات ۳۸۰ تا ۴۲۸ (مطبوعہ، مصر، مطبعۃ مصطفیٰ محمد، المکتبۃ التجاریۃ)

☆ التاسیس خیر من التاکید ☆ تاسیس تاکید کی نسبت بہتر ہوتی ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پڑتا ہے۔ اس سے مصارف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور اس کے نتیجے میں قیمتیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔

مہنگائی کے اسباب بیان کرتے ہوئے ابن خلدون نے (Speculation) ذخیرہ اندوزی پر بھی بحث کی ہے۔ ابن خلدون کے نزدیک اشیاء جو ضروریات زندگی کی حیثیت رکھتی ہیں ان کا ذخیرہ اس نیت سے کرنا کہ بعد ازاں انہیں مہنگے داموں فروخت کیا جائے گا، ایک قسم کا استحصال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے قیمتوں میں تغیرات پیدا ہوتے ہیں۔(۶۹)

ابن خلدون نے یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ ٹیکس کی شرح ہلکی ہو تو آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب کوئی ملک یا حکومت عروج سے ہمکنار ہوتی ہے تو اس کا خزانہ لبالب بھرا ہوا ہوتا ہے۔ ٹیکس کی شرح کم ہوتی ہے اور خوش حال لوگ شوق سے ٹیکس ادا کرتے ہیں اور پوری قوم خوش حالی میں حصہ دار ہوتی ہے لیکن جب حکمران نا اہل ہونے لگتے ہیں اور ان کے وصول اخراجات بڑھ جاتے ہیں تو خزانے پر بوجھ پڑنا شروع ہوتا ہے اور وہ خالی ہونے لگتا ہے۔ اس صورتحال سے پریشان ہو کر حکمران مشورے کرتے ہیں کہ خزانے کو کس طرح آباد کیا جائے اس کا جواب بالعموم یہ ملتا ہے کہ ٹیکس بڑھا دیئے جائیں۔ اس طرح حکومتیں رفتہ رفتہ ٹیکس بڑھانے لگتی ہیں۔ ٹیکسوں میں اضافے سے لوگ پریشان ہو جاتے ہیں۔ بڑھے ہوئے ٹیکسوں کی ادائیگی مشکل ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ٹیکسوں کی چوری شروع ہوتی ہے۔ لوگ اپنی آمدنی چھپاتے ہیں اور ایسے حیلے بہانے اختیار کرتے ہیں کہ ٹیکس ادا نہ کرنے پڑیں۔ کیونکہ یہ ٹیکس ان کی سکت سے زیادہ ہوتے ہیں۔ جب خزانہ پھر بھی خالی رہتا ہے تو حکمران ٹیکسوں میں اور زیادہ اضافہ کر دیتے ہیں۔ اس طرح ٹیکسوں کی چوری اور محصول وصول کرنے والوں میں رشوت بڑھنی شروع ہو جاتی ہے۔ اور ایک خوشحال سلطنت غریب اور رفتہ رفتہ دیوالیہ ہو جاتی ہے۔

ابن خلدونؒ مثالیں دے کر دلائل کے ساتھ یہ ثابت کرتے ہیں کہ ٹیکس جتنے حقیقت پسندانہ اور عوام کی آمدنی کے مطابق ہوں گے اتنے ہی زیادہ وصول ہوں گے اور خزانہ کبھی خالی نہیں رہے گا۔ لیکن ٹیکس جس قدر غیر حقیقت پسندانہ اور لوگوں کی آمدنی اور استطاعت سے بڑھ جائیں گے ان کی وصولی اتنی ہی کم ہو جائے گی اور ٹیکس چوری ایسی خرابیاں پیدا کرے گی کہ قوم کرپٹ ہو جائے گی۔

---

(۶۹) ابن خلدون، مقدمہ، الباب الرابع من الکتاب الاول، الفصل الثانی عشر ”فی اسعار المدن“ تلخیص صفحات ۳۶۲ تا ۳۶۴

☆ الغرم بالغنم ☆ خسارہ نفع کے ساتھ ساتھ ہی ہوتا ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لوگ رشوت دیں گے اور حکام وصول کریں گے۔ لیکن ملک کے خزانے میں کچھ نہیں آئے گا۔(۷۰)

ابن خلدونؒ کا ٹیکس کا یہ فلسفہ اس قدر بنیادی انسانی مزاج اور طبیعتوں کے مطابق ہے کہ اس پر وقت کا کوئی اثر نہیں پڑسکتا۔ انسانوں کے بنیادی مسائل اور مزاج میں کبھی فرق نہیں پڑتا۔ ان کے علاج اور حل میں ترقی ہوتی رہتی ہے لیکن انسانی فطرت جوں کی توں رہتی ہے۔ یہ بات صدیوں پہلے بھی اتنی ہی سچی تھی جتنی آج ہے اور جتنی کل ہوگی۔

آج مملکت خداداد پاکستان میں جتنے ٹیکس بڑھتے جارہے ہیں اتنی ہی چوری بھی بڑھتی جا رہی ہے اور ٹیکس چھپانے کے لیے کرپشن بھی ہر سطح پر بڑھتی جارہی ہے۔ عام حالات میں آسان شرح کے ساتھ جتنے ٹیکس وصول ہوسکتے ہیں۔ بہت زیادہ بڑھی ہوئی شرح کے باوجود اتنے بھی وصول نہیں ہورہے۔

(۷۰) ابن خلدون، مقدمہ الباب الثالث من الکتاب الاوّل، الفصل الثامن والثلاثون فی الجبایۃ وسبب قلتھا وکثرتھا۔ ۲۷۹۔۲۸۰


## نئی کتاب

# نسب و نسبت فرید

☆

تحریر علامہ ڈاکٹر ضیاء الحبیب صاحب

شائع کردہ : الصابریہ ۲۰۵ علی بلاک اتفاق ٹاؤن لاہور

ہدیہ : ۳۰۰ روپے

ملنے کا پتہ

فرید بک سٹال اردو بازار لاہور مکتبہ امام ابوحنیفہ جامعہ نعیمیہ لاہور


© rasailojaraid.com